Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 | بدھ، 23 ستمبر 2026ء، 10 ربیع الثانی 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 154

سیکرٹری ہاؤسنگ اینڈ ورکس کا مارگلہ آرچرڈ ہاؤسنگ اسکیم کا دورہ

وفاقی سیکرٹری کیپٹن (ر) محمد محمود نے ڈی جی ایف جی ای ایچ اے کے ہمراہ اسکیم کے جاری ترقیاتی کاموں، بجلی، گیس اور ہارٹیکلچر کے امور کا تفصیلی جائزہ لیا

ترقیاتی سرگرمیوں کو مزید تیزی سے آگے بڑھایا جائے اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے کام کو بھی مقررہ ٹائم لائن کے مطابق مکمل کیا جائے، وفاقی سیکرٹری ہاؤسنگ اینڈ ورکس

)سیکرٹری ہاؤسنگ اینڈ ورکس جناب کیپٹن (ر) محمد محمود نے ڈائریکٹر جنرل فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی جناب کیپٹن (ر) ظفر اقبال کے ہمراہ مارگلہ آرچرڈ ہاؤسنگ اسکیم کا دورہ کر رہے ہیں

اسلام آباد (این ای این) سیکرٹری ہاؤسنگ اینڈ ورکس جناب کیپٹن (ر) محمد محمود نے ڈائریکٹر جنرل فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی جناب کیپٹن (ر) ظفر اقبال کے ہمراہ مارگلہ آرچرڈ ہاؤسنگ اسکیم کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ڈی ایچ اے اور ہاؤسنگ اتھارٹی کے سینئر افسران نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ وفاقی سیکرٹری کو مارگلہ آرچرڈ ہاؤسنگ اسکیم کے منصوبے، جاری ترقیاتی کاموں اور بنیادی (بقیہ نمبر 1)

وزیراعظم فیول سبسڈی سکیم پنجاب بھر میں کامیابی سے جاری

24 لاکھ افراد رجسٹرڈ، 22 لاکھ سے زائد ٹوکن جاری، ایڈیشنل سیکرٹری افتخار علی سہو

لاہور (این این آئی) ایڈیشنل چیف سیکرٹری پنجاب افتخار علی سہو نے کہا ہے کہ وزیراعظم فیول سبسڈی سکیم پنجاب بھر میں کامیابی سے جاری ہے، وزیراعظم فیول سبسڈی سکیم کے لیے پنجاب بھر میں 24 لاکھ افراد رجسٹرڈ ہو چکے ہیں جبکہ 22 لاکھ سے زائد افراد ٹوکن جاری کروا کر اس سکیم سے استفادہ حاصل کر چکے ہیں۔ افتخار علی سہو نے کہا کہ پنجاب بھر کے 63 ہزار سے زائد پمپس پر وزیراعظم فیول سبسڈی دی جا رہی ہے۔ پنجاب بھر میں مختلف (بقیہ نمبر 41)

ضبط اشیا کی نیلامی کا طریقہ کار متعارف

اشیا بولی کی تاریخ سے قبل متعلقہ کلکٹر کی منظور شدہ ٹائم لائن کے مطابق بولی دہندگان کے معائنے کے لیے دستیاب ہوں گی

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے کسٹمز حکام کی جانب سے ضبط کی جانیوالی اشیا کی نیلامی کا طریقہ کار متعارف کروا دیا ہے نیلامی میں شامل اشیا بولی کی تاریخ سے قبل متعلقہ کلکٹر کی منظور شدہ ٹائم لائن (بقیہ نمبر 44)

براہِ راست غیر ملکی سرمایہ کاری میں نمایاں اضافہ

منافع کی واپسی میں کمی کے باعث بھی براہِ راست غیر ملکی سرمایہ کاری میں بہتری آئی ہے، مشیر وزیر خزانہ خرم شہزاد

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں براہِ راست غیر ملکی سرمایہ کاری میں نمایاں اضافہ ریکارڈ ہوا ہے۔ ملک میں سرمایہ کاری اور معاشی سرگرمیوں میں مثبت پیش رفت جاری ہے۔ مشیر وزیر خزانہ خرم شہزاد کے مطابق (بقیہ نمبر 43)

راولپنڈی میں ہوٹلز، گیسٹ ہاؤسز بندش پر حکام کو نوٹس

ہوٹلز، موٹلز اور ریسٹ ہاسز کی غیر معینہ مدت تک بندش کو غیر قانونی قرار دیا جائے، عدالت میں درخواست

راولپنڈی (این این آئی) جماعت اسلامی اور تحریک انصاف کے لانگ مارچ کے تناظر میں راولپنڈی بھر کے ہوٹلز، موٹلز اور گیسٹ ہاسز کی غیر معینہ مدت تک بندش کے خلاف دائر پٹیشن ہائیکورٹ راولپنڈی بنچ نے سماعت کیلئے (بقیہ نمبر 42)

ڈیجیٹل والٹ اور انٹر آپریبلٹی کا نفاذ، خواتین بینیفشریز اب ملک بھر سے باآسانی اپنی رقم وصول کر سکیں گی، سینیٹر روبینہ خالد کی ای لائیو کچہری

ڈیجیٹل والٹ خواتین بینیفشریز کیلئے تحفہ

6 پارٹنر بینکوں کے مجاز ریٹیلرز کے ذریعے ادائیگیوں کے نظام میں انٹر آپریبلٹی متعارف، مفت بینظیر سم صرف بی آئی ایس پی دفاتر سے حاصل کریں اور ایکٹیویشن کے وقت فون اپنے پاس رکھیں

اکاؤنٹ میں رقم کی منتقلی اور نکلوائی گئی رقم کے تصدیقی پیغامات کو ہمیشہ محفوظ رکھیں، شناختی کارڈ کی مدت ختم ہونے پر فوری تجدید کروائیں، دو سال سے پہلے دوبارہ سروے ممکن نہیں

اسلام آباد (این ای این) ڈیجیٹل والٹ اور انٹر آپریبلٹی حکومت پاکستان کی جانب سے خواتین بینیفشریز کیلئے تحفہ ہے؛ خواتین بینیفشریز ملک کے کسی بھی شہر میں، کسی بھی وقت، کسی بھی پارٹنر بینک کے کسی بھی مجاز ریٹیلر سے اپنی رقم وصول کر سکیں گی؛ مفت بینظیر سم صرف بی آئی ایس پی دفتر سے حاصل کریں؛ سم کی ایکٹیویشن بی آئی ایس پی کی مقررہ سائٹ پر متعلقہ موبائل کمپنی کا نمائندہ کرے گا؛ اکاؤنٹ میں رقم کی منتقلی اور نکلوائی گئی رقم کا تصدیقی میسج محفوظ رکھیں؛ اپنا موبائل فون کسی ریٹیلر کے حوالے نہ کریں: سینیٹر روبینہ خالد کی خواتین بینیفشریز کو ہدایت چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے آج بی آئی ایس پی ہیڈکوارٹرز میں عوامی رابطے کے سلسلے میں بی آئی ایس پی کے آفیشل فیس بک اکاؤنٹ سے لائیو ای۔ کچہری کا انعقاد کیا۔ ای۔ کچہری کے دوران ملک بھر سے 31 کالرز نے ٹیلی فون کے ذریعے چیئرپرسن کو اپنے مسائل اور شکایات سے آگاہ کیا۔ سینیٹر روبینہ خالد نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ای۔ کچہری کے دوران موصول ہونے والی تمام شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کر کے ان کی فوری رپورٹ پیش کی جائے۔ سینیٹر روبینہ خالد نے ای۔ کچہری کے دوران اپنے پیغام میں کہا کہ جن خواتین بینیفشریز کے شناختی (بقیہ نمبر 6)

چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد بی آئی ایس پی ہیڈکوارٹرز میں مسائل اور شکایات سن رہی ہیں

پاکستان اور سعودیہ میں سرکاری و سفارتی پاسپورٹ پر ویزا شرائط ختم

نیویارک (این این آئی) پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان سفارتی و سرکاری پاسپورٹ رکھنے والوں کیلئے ویزا شرائط ختم کرنے کا معاہدہ طے پا گیا ہے۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی سعودی وزیر (بقیہ نمبر 46)

پی ٹی آئی کی حکومت کو مذاکرات کی پیشکش

گزشتہ رات سے وفاقی سطح پر متعلقہ شخصیات سے رابطے جاری ہیں، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے حکومت کے ساتھ مذاکرات کے لیے آمادگی ظاہر کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف سے سیاسی رہنماؤں پر مشتمل کمیٹی بنانے کا مطالبہ کر دیا۔ سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر راجا ناصر عباس نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ اگر دونوں جانب سے سیاسی کمیٹیاں بنیں تو مسائل کا حل نکل سکتا ہے۔ (بقیہ نمبر 45)

یہ زبان اور حرکتیں جنگلیوں کی ہی ہو سکتی ہیں، عظمیٰ بخاری

پختون تو عورتوں کی عزت کرنے والے لوگ ہیں، یہ گھٹیا ذومعنی جملے اس موصوف کی تربیت دکھاتے ہیں

وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری کا ترجمان کے پی حکومت کے وزیر اعلیٰ پنجاب سے متعلق ذومعنی بیان پر ردعمل

لاہور (این ای این) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے ترجمان کے پی حکومت کی جانب سے وزیر اعلیٰ پنجاب سے متعلق ذومعنی بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ یہ زبان اور حرکتیں جنگلیوں کی ہی ہو سکتی ہیں۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پختون تو عورتوں کی عزت کرنے والے لوگ ہیں۔ یہ گھٹیا ذومعنی جملے اس موصوف کی تربیت دکھاتے ہیں۔ ان کی والدہ اور گھر کی باقی عورتوں کے لیے دلی ہمدردی ہے۔

بارہویں جماعت تک قرآن پاک بمعہ ترجمہ لازمی پڑھانا ہمارے منشور کا حصہ ہے

پاکستان عوامی قوت خدمت، تعلیم، روزگار اور عوامی فلاح کے لیے ایک عزم رکھتی ہے

چیئرمین پاکستان عوامی قوت پارٹی خاقان وحید خواجہ کا العلم ماڈل سکول کا دورہ اور طلبہ سے خطاب

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ اور راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہاسپٹل و راول فاؤنڈیشن کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ نے کہا ہے کہ ہم فنی تعلیم اور اسلامی تعلیم کے حامی ہیں۔ جس میں بارہویں جماعت تک قران پاک بمعہ ترجمہ پڑھانا لازمی ہوگا۔ یہ ہمارے منشور کا حصہ ہے اور ہم انشاءاللہ اقتدار میں آ کر اس پر عمل کریں گے۔ انہوں نے یہ بات اتفاق ٹاؤن کرپا (بقیہ نمبر 10)

العلم ماڈل سکول اینڈ اکیڈمی اتفاق ٹاؤن کرپا اسلام آباد میں پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ خاقان وحید خواجہ طلباء و طالبات سے خطاب کر رہے ہیں

ڈھائی سال کے دوران 50 ہزار کلومیٹر سڑکوں کی تعمیر مکمل

رواں مالی سال کے دوران مزید 10 ہزار کلومیٹر سڑکوں کی تعمیر و بحالی کا ہدف مقرر کیا گیا ہے

بہتر روڈ نیٹ ورک سے دیہی معیشت مضبوط ہوگی اور منڈیوں تک رسائی آسان بنے گی، وزیر مواصلات صہیب بھرتھ

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) صوبائی وزیر مواصلات بیرسٹر ملک صہیب احمد بھرتھ سے ڈویژنل انفارمیشن سیکرٹری مسلم لیگ ن سرگودھا ڈویژن طارق محمود قاسمی نے لاہور آفس میں ملاقات کی اس موقع پر سوشل میڈیا حسنات احمد کوٹ بھی موجود تھے ملاقات کے دوران صوبائی وزیر مواصلات بیرسٹر ملک صہیب احمد بھرتھ کی قائدانہ صلاحیتوں محنت اور اپنے فرائض سے کمٹمنٹ کو سراہا گیا (بقیہ نمبر 7)

صوبائی وزیر مواصلات بیرسٹر ملک صہیب احمد بھرتھ سے ڈویژنل انفارمیشن سیکرٹری مسلم لیگ ن سرگودھا ڈویژن طارق محمود قاسمی نے لاہور آفس میں ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

کوہاٹ پولیس لائنز حملے میں 869 کلوگرام دھماکا خیز مواد استعمال ہوا

پشاور (این این آئی) کوہاٹ پولیس لائنز دھماکے سے متعلق بم ڈسپوزل یونٹ کی رپورٹ تیار ہو گئی، حملے میں 869 کلوگرام دھماکا خیز مواد استعمال ہوا۔ بم ڈسپوزل یونٹ کی تفصیلی رپورٹ سنٹرل پولیس آفس ارسال کر دی گئی جس میں دھماکے کے مرکز، بارودی مواد کی نوعیت اور مقدار کا جائزہ لیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق کوہاٹ پولیس لائنز دھماکے میں 869 کلوگرام دھماکا خیز مواد استعمال ہوا، دھماکے کے گڑھے کا ظاہری قطر 6.6 بائی 11 فٹ، گہرائی 4.6 فٹ تھی۔ دھماکے میں استعمال (بقیہ نمبر 48)

خواجہ فرید یونیورسٹی میں لیکچرار پر طالبہ کو ہراساں کرنے کا الزام

سوشل میڈیا پر زیر گردش اسکرین شاٹس نے طالبات کے تحفظ پر سوالات اٹھا دیئے

رحیم یار خان (این این آئی) خواجہ فرید یونیورسٹی میں لیکچرار کی جانب سے طالبہ کو مبینہ طور پر ہراساں کیے جانے پر واٹس ایپ پیغامات کے اسکرین شاٹس سامنے آ گئے۔ سوشل میڈیا پر زیر گردش اسکرین شاٹس نے طالبات کے تحفظ پر سوالات اٹھا دیئے۔ طالبہ نے لیکچرار پر مبینہ ہراساں کرنے اور نامناسب واٹس ایپ پیغامات بھیجنے جبکہ ملاقات (بقیہ نمبر 52)

خلیجی ممالک کو منشیات اسمگلنگ کی 12 کوششیں ناکام بنا دی گئیں

اے این ایف کے 12 انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز میں 18 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) اے این ایف نے ملک کے مختلف بین الاقوامی ایئرپورٹس پر منشیات اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے خلیجی ممالک کو منشیات اسمگلنگ کی 12 کوششیں ناکام بنا دیں۔ اے این ایف کے مطابق 12 انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز میں 18 ملزمان کو گرفتار کیا گیا جبکہ کارروائیوں کے دوران مجموعی طور پر (بقیہ نمبر 53)

راولپنڈی بورڈ انٹرمیڈیٹ امتحانات 2026 کے نتائج کا اعلان

انٹرمیڈیٹ کے پہلے سالانہ امتحان 2026 میں عطفہ جاوید نے 1156 نمبر لے کر مجموعی طور پر پہلی پوزیشن حاصل کی ہے

پوزیشن ہولڈرز طلبہ و طالبات کے اعزاز میں انعامات دینے کے لیے 23 ستمبر کو ایک پروقار تقریب منعقد کی جائے گی

راولپنڈی (این ای این) بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن راولپنڈی نے انٹرمیڈیٹ کے پہلے سالانہ امتحان 2026 کے پوزیشن ہولڈرز کا اعلان کر دیا۔ چیئرمین تعلیمی بورڈ پروفیسر ڈاکٹر اقبال محمود ہمراہ کنٹرولر امتحانات راولپنڈی بورڈ تنویر اصغر اعوان اور سیکرٹری بورڈ پروفیسر امجد اقبال خٹک پوزیشنز ہولڈرز کا اعلان کیا۔ مجموعی طور پر پہلی پوزیشن عطفہ جاوید نے 1156 نمبر لے کر حاصل کی، یہ پنجاب کالج فار ویمن سیٹلائٹ ٹاؤن راولپنڈی کی طالبہ ہیں، دوسری پوزیشن پنجاب کالج فار ویمن سیٹلائٹ ٹاؤن راولپنڈی کی طالبہ نور فاطمہ ساجد نے 1151 نمبر لے کر حاصل کی۔ تیسری پوزیشن مجموعی طور پر نبیہ ایمان جو پنجاب کالج فار ویمن تلہ گنگ اور منیب شاہ جو پنجاب کالج سیٹلائٹ ٹاؤن راولپنڈی کی طالب علم ہیں، نے 1142 نمبر کے کر حاصل کی۔ چیئرمین تعلیمی بورڈ راولپنڈی پروفیسر ڈاکٹر اقبال (بقیہ نمبر 9)

آئی جی اسلام آباد محمد سہیل چوہدری کھلی کچہری میں شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں

کندھ کوٹ میں سندھ امن کے عنوان سے احتجاجی ریلی

نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے خلاف شدید نعرے بازی

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ میں سندھ کی وحدت اور یکجہتی کے حوالے سے سندھ امن کے عنوان سے ایک احتجاجی ریلی نکالی گئی جس میں نئے صوبوں اور نئے انتظامی یونٹس کے قیام کے خلاف شرکاء نے شدید نعرے بازی کرتے ہوئے اپنے احتجاج کا اظہار کیا ریلی میں سیاسی و سماجی رہنماؤں کارکنوں اور شہریوں نے شرکت کی اور سندھ کی وحدت برقرار رکھنے کے حق میں آواز بلند کی احتجاجی ریلی کا آغاز شس پیٹرول پمپ سے کیا گیا (بقیہ نمبر 2)

ڈکیتی مزاحمت پر شہری کو قتل کرنیوالا ملزم گرفتار

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے کھارادر میں ڈکیتی مزاحمت پر شہری کو فائرنگ کر کے قتل کرنے والے ملزم کو پولیس نے گرفتار کر لیا۔ ڈی آئی جی ساؤتھ اسد رضا کے مطابق تھانہ ڈاکس میں واقعے کا مقدمہ (بقیہ نمبر 47)

پناہ کا بنیادی مقصد فوری طبی امداد کے ذریعے قیمتی انسانی جانوں کا تحفظ ہے

پاکستان نیشنل ہارٹ ایسوسی ایشن (پناہ) کے زیر اہتمام بے نظیر ہسپتال راولپنڈی میں ڈاکٹروں اور نرسنگ اسٹاف کے لئے سی پی آر ٹریننگ کا انعقاد

میڈیکل یونٹ II- کی سربراہ ڈاکٹر لبنیٰ معراج کی درخواست پر طبی عملے کو عملی تربیت دی گئی، پناہ ٹیم کے ارکان نے ٹریننگ کے فرائض سرانجام دیئے

راولپنڈی (این ای این) پاکستان نیشنل ہارٹ ایسوسی ایشن (پناہ) کے زیر اہتمام بے نظیر ہسپتال راولپنڈی میں ڈاکٹروں اور نرسنگ اسٹاف کے لیے سی پی آر (CPR) کی ٹریننگ کا انعقاد کیا گیا۔ بے نظیر ہسپتال کے میڈیکل یونٹ II- کی سربراہ، ڈاکٹر لبنیٰ معراج نے پناہ سے رابطہ کر کے ہسپتال کے طبی عملے کے لیے سی پی آر کی ٹریننگ کی درخواست کی تھی۔ جنرل سیکریٹری پناہ ثناء اللہ گھمن (بقیہ نمبر 3)

پاکستان نیشنل ہارٹ ایسوسی ایشن (پناہ) کے زیر اہتمام بے نظیر ہسپتال راولپنڈی میں ڈاکٹروں اور نرسنگ اسٹاف کے لیے سی پی آر (CPR) کی ٹریننگ کے انعقاد کے موقع پر شرکاء کا گروپ فوٹو

درگئی میں فائرنگ سے خاتون سمیت 2 افراد جاں بحق

سخاکوٹ (این این آئی) درگئی کے علاقے بے غم باٹڈہ گھڑی عثمان خیل میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک مرد اور ایک خاتون جاں بحق ہو گئے۔ یویز ذرائع کے مطابق ملزمان موقع سے فرار ہو گئے جبکہ لاشوں کو درگئی اسپتال منتقل کر کے مزید کارروائی شروع کر دی گئی ہے۔

اسلام آباد سمیت مختلف شہروں میں زلزلے کے جھٹکے، شدت 4.9 ریکارڈ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد سمیت ملک کے مختلف شہروں میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق ریکٹر اسکیل پر زلزلے کی شدت 4.9 ریکارڈ کی گئی، زیر زمین زلزلے کی گہرائی 196 کلومیٹر ریکارڈ ہوئی۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کا مرکز ہندوکش ریجن افغانستان تھا۔

بڈانی کے قریب دریائے سندھ میں 5 سالہ بچہ ڈوب گیا

ورثاء کا لاش کی تلاش کے لیے انتظامیہ سے فوری مدد کا مطالبہ

کندھکوٹ (سید رشید احمد شاہ) کندھکوٹ کے قریب بڈانی کے کچے کے علاقے میں واقع گاؤں ہوران خان بنگوار میں ایک افسوسناک واقعہ پیش آیا، جہاں 5 سالہ بچہ گل ولد وحید خان بنگوار گاؤں کے قریب دریائے سندھ میں گر کر ڈوب گیا۔ واقعے کے بعد بچے کے گھر میں کہرام مچ گیا جبکہ اہلِ علاقہ اور ورثاء شدید پریشانی اور اضطراب میں مبتلا ہیں مقامی ذرائع کے مطابق بچہ آج صبح گاؤں کے قریب دریائے سندھ کے کنارے موجود تھا کہ اچانک (بقیہ نمبر 4)

پنجاب اسمبلی کی قائمہ کمیٹیوں کے اجلاس آن لائن کرنے کا فیصلہ

افسران پبلک اکاؤنٹس کمیٹیوں کے اجلاس میں ویڈیو لنک کے ذریعے شریک ہونگے

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ نے کفایت شعاری مہم کے تحت بڑا فیصلہ کرتے ہوئے پنجاب اسمبلی کی تمام سٹینڈنگ کمیٹیوں کی میٹنگ آن لائن کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ترجمان کے مطابق پبلک اکاؤنٹس کمیٹیوں کے اجلاس شیڈول کے مطابق پنجاب (بقیہ نمبر 49)

سٹی پریس کلب شاہکوٹ کے وفد کی ایس ایچ او حافظ بابر سے ملاقات

پولیس و صحافی برادری کے درمیان بہتر رابطہ برقرار رکھنے پر تبادلہ خیال کیا گیا

شاہکوٹ (میاں داؤد حسین) سٹی پریس کلب شاہکوٹ کے وفد نے عبدالرزاق بجی، کاشف چودھری، ملک طاہر اور میاں ندیم اشرف کی سربراہی میں ایس ایچ او تھانہ سٹی شاہکوٹ حافظ بابر سے خصوصی ملاقات کی ملاقات کے دوران شاہکوٹ کے مختلف شہری مسائل، امن و امان کی صورتحال، پولیس سے متعلق عوامی معاملات اور دیگر اہم امور پر تفصیلی (بقیہ نمبر 8)

آئین میں گورنر راج کا آپشن موجود ہے وزیر مملکت

اسلام آباد پر اب چڑھائی ہوئی تو ایسا روکیں گے دوبارہ کوئی آنے کا سوچے گا بھی نہیں، طلال چوہدری

آئین میں گورنر راج کا آپشن موجود ہے مگر ہم کوئی کام جلد بازی میں نہیں کرنا چاہتے وزیر مملکت برائے داخلہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ اسلام آباد پر اب چڑھائی ہوئی تو ایسا روکیں گے کہ آئندہ کوئی آنے کا سوچے گا بھی نہیں، آئین میں گورنر راج کا آپشن موجود ہے مگر ہم کوئی کام جلد بازی میں نہیں کرنا چاہتے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ حکومتی وسائل یا طاقت کی بنیاد پر کسی شہر پر حملہ نہیں ہو سکتا، اسلام آباد پر حملہ کیا گیا تو حلف کی خلاف ورزی ہوگا، ہائیکورٹ کے فیصلے کی خلاف ورزی کرنے والا توہین عدالت کا مرتکب ہوگا، ویسے ہم ان کی اسٹریٹ پاور کا اندازہ لاہور اور وزیر آباد کی گلیوں سے لگا چکے ہیں۔ طلال چوہدری نے کہا کہ تحریک انصاف کی تاریخ 26 نومبر اور 9 مئی ہے، اب چڑھائی ہوئی تو ایسے روکیں گے کہ آئندہ (بقیہ نمبر 5)

لاہور: وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد علی نے پنجاب یونیورسٹی کالج آف فارمیسی اور شان ڈونگ اکیڈمی آف چائنیز میڈیسن کے اشتراک سے قائم ہونے والے میڈیسن ریسورس ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ پلیٹ فارم کی نقاب کشائی کر رہے ہیں

ایڈیشنل چیف سیکرٹری پنجاب افتخار علی سہو وزیر اعظم فیول سکیم کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایم 1- موٹروے ٹریفک کے لئے کھول دی گئی

سوات ایکسپریس وے بھی بحال، سفر کے دوران ٹریفک قوانین کی پابندی کریں

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس کے مطابق خیبر پختونخوا سے اسلام آباد آنے والی موٹروے ایم 1- کو کرتل شیر خان انٹرچینج سے ٹریفک کے لیے کھول دیا گیا ہے۔ موٹروے پولیس کے مطابق ایم 16- سوات ایکسپریس وے (بقیہ نمبر 50)

این سی سی آئی اے کی غیر قانونی کال سینٹر پر کارروائی

17 غیر ملکیوں سمیت 100 افراد زیر حراست میں لے لیا گیا، ترجمان گیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد میں نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) نے غیر قانونی کال سینٹر پر کارروائی کرتے ہوئے 100 افراد کو حراست میں لے لیا۔ ترجمان این سی سی آئی اے کے مطابق غیر قانونی کال سینٹر سے (بقیہ نمبر 51)

پشاور میں صوبائی وزیر کو اغوا کر لیا گیا، ایف آئی آر درج

وزیر پبلک ہیلتھ فضل شکور کے اغوا کی ایف آئی آر تھانہ چمکنی میں درج کر لی گئی

پشاور (این این آئی) پشاور میں وزیر پبلک ہیلتھ فضل شکور کے اغوا کی ایف آئی آر تھانہ چمکنی میں ان کے بھائی کی مدعیت میں درج کر لی گئی۔ ایف آئی آر نامعلوم مسلح افراد کے خلاف درج کی گئی ہے۔ پولیس کے مطابق فضل شکور کو گزشتہ روز پشاور موٹروے انٹرچینج پر پشاور آتے ہوئے نامعلوم مسلح نقاب پوش افراد نے اسلحے کے زور پر اغوا کیا تھا۔ متن کے مطابق فضل شکور چارسدہ سے پی ٹی آئی کے منتخب رکن صوبائی اسمبلی ہیں۔

سرگودھا میں سوبستروں پر مشتمل جدید کینسر ہسپتال کے قیام کیلئے پی سی ون طلب

سرگودھا (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن پر سرگودھا میں سوبستروں پر مشتمل جدید کینسر ہسپتال کے قیام کے لیے پی سی ون طلب کر لیا گیا جس کے لئے ڈپٹی کمشنر کا مجوزہ سائٹ کا دورہ کیا۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز (بقیہ نمبر 54)

وزیر داخلہ کی نوشکی میں پولیو ٹیم پر فائرنگ کی شدید مذمت

شہید کانسٹیبلز کو خراج عقیدت پیش، غمزدہ خاندانوں کے ساتھ دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار، اللہ تعالیٰ پسماندگان کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا فرمائے

معصوم بچوں کا مستقبل محفوظ بنانے والے پولیو ورکرز پر حملہ درندہ صفت عناصر کا انتہائی گھناؤنا اور ناقابلِ معافی جرم ہے، محسن نقوی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان کے ضلع نوشکی میں انسداد پولیو ٹیم پر نامعلوم شرپسندوں کی فائرنگ کے واقعے کی پرزور مذمت کی ہے۔ اپنے بیان میں وزیر داخلہ نے دونوں کانسٹیبلز کی شہادت پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے شہدا کو شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے غمزدہ خاندانوں کے ساتھ دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ پسماندگان کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا فرمائے۔ انہوں نے کہا کہ کانسٹیبل محمد یاسر اور کانسٹیبل عبدالروف نے فرض کی ادائیگی کے دوران اپنی جانیں قربان کر کے شہادت کا عظیم رتبہ پایا ہے، قوم ان بہادر سپوتوں کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گی۔ انہوں نے واضح الفاظ میں کہا کہ ملک کے معصوم بچوں کا مستقبل محفوظ بنانے والے پولیو ورکرز پر حملہ درندہ صفت عناصر کا انتہائی گھناؤنا (بقیہ نمبر 55)

روزنامہ عوامی للکار Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوام کی بے ساختہ للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

مہنگائی کے داخلی اسباب

مسابقتی کمیشن کی جانب سے خوردنی تیل اور گھی کی ترسیل کے کرائے غیر منصفانہ طور پر طے کرنے اور کاروبار کو آزادانہ مسابقت کے بجائے پرچی اور باری کے نظام کے تحت چلانے پر خوردنی تیل کی ٹینکر ایسوسی ایشن کو چھ کروڑ کا جرمانہ اس بات کا بیّن ثبوت ہے کہ ملک میں مہنگائی کے ذمہ دار محض بیرونی عوامل نہیں بلکہ داخلی مسائل بھی ہیں۔ ٹینکرز مالکان کی جانب سے ڈیزل کی قیمت میں ایک روپے اضافے پر ٹرانسپورٹ کرایہ 0.75 فیصد جبکہ ایک روپے سستا ہونے کی صورت میں صرف 0.5 فیصد کمی کی جاتی 'اس طرح چھ سال میں کرایوں کی مد میں کئی گنا تک ناجائز اضافہ کیا گیا۔

اس گٹھ جوڑ کا براہِ راست نتیجہ گھی اور خوردنی تیل جیسی بنیادی اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں اضافے کی صورت میں نکلا۔ یہ معاملہ واضح کر دیتا ہے کہ ملک میں مہنگائی کی وجہ صرف عالمی منڈی یا پٹرولیم مصنوعات کے نرخ نہیں ہیں بلکہ نظام کے اندر موجود وہ لوپ ہولز بھی مہنگائی کے ذمہ دار ہیں 'جن کی اوٹ میں عوام کو بیدردی سے نچوڑا جا رہا ہے۔ اب وقت آ گیا ہے کہ ایسے چور راستوں کا مستقل سدباب کیا جائے اور اجارہ داری سے مارکیٹ ریٹ پر اثر انداز ہونے کی کوششوں کو جڑ سے اکھاڑ پھینکا جائے۔ جب تک ان اندرونی کارٹلز کا خاتمہ اور لوپ ہولز کو بند نہیں کیا جائے گا تب تک عوام کو مہنگائی کے بھنور سے نجات دلانا ممکن نہیں ہوگا۔

مالیاتی نظام پر بینکوں کا غلبہ کیوں؟

شہباز کاردار

پاکستان کے مالیاتی نظام پر بینکوں کا غلبہ ہے۔ کمرشل بینک ملک کے مالیاتی شعبہ کے 80 فیصد سے زائد اثاثوں کے مالک ہیں۔ ایک صحتمند اور ترقی یافتہ مالیاتی نظام میں لوگوں اور کاروباری اداروں کے پاس بچت کرنے اور سرمایہ حاصل کرنے کے کئی مختلف ذرائع ہونے چاہئیں مثلاً وہ سٹاک مارکیٹ' پنشن فنڈز' بیمہ کمپنیوں یا میوچل فنڈز سے استفادہ کر سکتے ہیں۔ ان مالیاتی اداروں کو بینکوں کے ساتھ مقابلہ کرنا چاہیے' تاہم پاکستان میں ان میں سے کئی ادارے بھی بینکوں کے ساتھ وابستہ ہیں۔ اس لیے بظاہر تو لگتا ہے کہ یہاں کئی مختلف مالیاتی ادارے موجود ہیں لیکن درحقیقت سرمایہ کی بہت بڑی مقدار بالآخر بینکوں کے کنٹرول ہی میں ہے۔ جو چیز مسابقت دکھائی دیتی ہے' اکثر وہ مقابلہ بازی کے پردے میں ارتکاز ہے۔

ہمارے ہاں بینک اتنے طاقتور کیوں ہیں؟ بینکوں کو کئی بڑے فوائد حاصل ہیں۔ ان کے پاس بڑی مقدار میں سرمایہ (ڈپازٹس) 'ہزاروں شاخیں' لاکھوں صارفین ہیں۔ ان کے کاروباری اداروں اور حکومت دونوں کے ساتھ طویل عرصے سے تعلقات قائم ہیں۔ لوگ بھی اپنی بچتیں بینک اکاؤنٹس میں رکھنے کے عادی ہیں۔ اس کے بعد بینک اس رقم کو قرض دینے یا سرمایہ کاری کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ وہ اپنے لاکھوں صارفین کی جمع کرائی گئی رقوم سے اثاثے بنا لیتے ہیں' اس لیے ان کی بیلنس شیٹ بھی تگڑی ہو جاتی ہے۔ بینکوں کو یہ جانچ پڑتال کرنے کا تجربہ بھی ہے کہ قرض لینے والے اپنا قرض واپس کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں یا نہیں۔ بینک قرض لینے والوں سے ان کے اثاثے بطور ضمانت طلب کر سکتے ہیں۔ ان تمام عوامل کے باعث نئے مالیاتی اداروں کے لیے بینکوں کا مقابلہ کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ تاہم بینکوں کے غلبے کی ایک اور اہم وجہ ہے۔ وہ یہ کہ حکومت کو قرض لینے کی بہت زیادہ ضرورت رہتی ہے۔ حکومت بینکوں کی سب سے بڑی گاہک ہے۔ حکومت باقاعدگی سے جتنی رقم ٹیکسوں کی صورت میں جمع کرتی ہے' اس سے زیادہ خرچ کرتی ہے۔ اس لیے اسے اپنے اخراجات پورے کرنے کیلئے قرض لینا پڑتا ہے۔ حکومت کیلئے قرض لینے کا سب سے آسان ذریعہ بینک ہیں۔ آج بینکوں کے تقریباً 62 فیصد اثاثے حکومتی سکیورٹیز (ضمانتی اسناد) میں لگے ہوئے ہیں جبکہ صرف 22 فیصد اثاثے نجی کاروباری اداروں اور افراد کو دیے گئے قرضوں کی صورت میں ہیں۔ مطلب یہ کہ بینک کاروباری اداروں کی ترقی میں مدد فراہم نہیں کر رہے' اس کے بجائے حکومت کی مالی ضروریات پوری کرنے میں لگے ہوئے ہیں۔ حکومتی سکیورٹیز پر دہرے ہندسے (دس فیصد یا اس سے زیادہ) میں منافع ملتا ہے اور نادہندگی کا بھی کوئی خطرہ نہیں ہوتا۔ جب ایک بینک حکومت کو قرض دے کر بہت کم رسک کے ساتھ اچھا منافع کما سکتا ہے تو وہ کسی کاروباری ادارے کو قرض دے کر خطرہ کیوں مول لے گا؟

کسی کاروباری ادارے کو قرض دینے کیلئے بینک کو اس کاروبار کا بغور جائزہ لینا ہوتا ہے' اس ادارے کے حسابات کی جانچ کرنا' ضمانت طلب کرنا اور اس بات کی نگرانی کرنا ہوتی ہے کہ وہ قرض واپس کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے یا نہیں۔ اس کی نسبت حکومتی سکیورٹیز خریدنا بہت آسان ہے۔ جب تک حکومت اپنے خسارے پورے کرنے کیلئے بینکوں سے بھاری مقدار میں قرض لیتی رہے گی' بینک اپنا چلن تبدیل کیوں کریں؟ وہ زیادہ خطرہ مول لیے بغیر اور کاروباری اداروں کی مالی معاونت کے نئے طریقے بنائے بغیر بھی خوب منافع کما رہے ہیں۔ جب تک حکومت کا کمرشل بینکوں پر انحصار رہے گا' بینک ہی پاکستان کے مالیاتی ڈھانچے کے سب سے مستحکم اور سب سے منافع بخش ادارے رہیں گے۔

مالیاتی نظام میں حکومت کا ایک اور عمل دخل بھی ہے۔ وہ نہ صرف کمرشل بینکوں سے بھاری قرض لیتی ہے بلکہ اس کے ساتھ ساتھ وہ قومی بچت کا نظام بھی چلا رہی ہے۔ حکومت کئی مالیاتی اداروں کی مالک ہے یا ان پر گہرا اثر ورسوخ رکھتی ہے؛ چنانچہ بینکوں کا مقابلہ کرنے کی کوشش کرنے والے نئے مالیاتی ادارے کو صرف طاقتور بینکوں کا ہی مقابلہ نہیں کرنا ہوتا بلکہ وہ ادارہ ایسے ماحول اور نظام میں بھی کام کرتا ہے جس میں اسے وسائل کیلئے خود حکومت کے ساتھ مقابلہ کرنا پڑتا ہے۔

زیادہ لوگ سٹاک مارکیٹ میں سرمایہ کاری کیوں نہیں کرتے؟ پاکستان کی سٹاک مارکیٹ کمزور ہے۔ آبادی کے 0.5 فیصد سے بھی کم لوگوں کے پاس سٹاک مارکیٹ میں اکاؤنٹس ہیں۔ زیادہ تر لوگ اپنی بچت بینکوں میں ڈپازٹس' نقد رقم' جائیداد یا سونے کی صورت میں رکھنا پسند کرتے ہیں۔ اس کی ایک وجہ یہ ہے کہ زیادہ تر لوگوں کو مالیاتی مارکیٹ کی اچھی طرح سمجھ نہیں ہے۔ اس کے علاوہ لوگوں کے ذہن میں سٹاک مارکیٹ کے خطرات اور اس کے اتار چڑھاؤ کے بارے میں شکوک وشبہات کی ایک طویل تاریخ موجود ہے۔ اس سے بینکوں کو یہ فائدہ ہوتا ہے کہ لوگ اپنی رقم براہِ راست سٹاک مارکیٹ میں لگانے کے مقابلے میں بینک میں رکھنے کو زیادہ محفوظ اور آسان سمجھتے ہیں۔

کاروباری ادارے بینکوں کو ترجیح کیوں دیتے ہیں؟ ایک کاروباری ادارہ بنیادی طور پر دو طریقوں سے سرمایہ حاصل کر سکتا ہے۔ ایک تو وہ بینک سے قرض لے سکتا ہے یا پھر شیئرز فروخت کر کے یا بانڈز جاری کر کے سرمایہ کاروں سے براہِ راست رقم حاصل کر سکتا ہے۔ لیکن شیئرز یا بانڈز کی مارکیٹ کے ذریعے رقم حاصل کرنا پیچیدہ عمل ہے۔ اس مقصد کیلئے کمپنیوں کو بہت سے قواعد کی پابندی کرنا پڑتی ہے' تفصیلی معلومات فراہم کرنا ہوتی ہیں' اپنے حسابات کا باقاعدہ آڈٹ کرانا ہوتا ہے' کارپوریٹ نگرانی سے متعلق تقاضے پورے کرنا ہوتے ہیں اور بعض صورتوں میں قرض واپس کرنے کی اپنی صلاحیت کی درجہ بندی (یعنی کریڈٹ ریٹنگ) بھی کرانا پڑتی ہے۔ ان کاموں میں وقت لگتا ہے اور رقم بھی خرچ ہوتی ہے۔ پاکستان کی مجموعی قرضوں کی مارکیٹ میں کارپوریٹ قرضوں کا حصہ تین فیصد سے بھی کم ہے کیونکہ بینک کا قرض حاصل کرنے کے مقابلے میں براہِ راست کارپوریٹ قرض لینا ایک انتہائی سست اور مہنگا عمل ہے۔ اس کے مقابلے میں بینک سے قرض لینا عموماً بہت آسان ہے۔ ایک کمپنی اپنے بینکار کے ساتھ بیٹھتی ہے' اسے ضمانت فراہم کرتی ہے اور قرض کی شرائط طے کر لیتی ہے۔

ایک اور پہلو یہ ہے کہ پاکستان کی بہت سی بڑی کمپنیاں خاندانوں کے کنٹرول میں ہیں۔ ان کے مالکان سٹاک مارکیٹ میں اندراج کرانے کے خواہشمند نہیں ہوتے کیونکہ اندراج کا مطلب ہے کہ انہیں سرمایہ کاروں اور نگران اداروں کے ساتھ کمپنی کے بارے میں معلومات کا تبادلہ کرنا ہوگا؛ چنانچہ کمپنیاں اکثر عوام سے سرمایہ حاصل کرنے کے بجائے اپنا منافع استعمال کرتی ہیں اور بینکوں سے قرض لینے کو ترجیح دیتی ہیں۔

پنشن فنڈز اور بیمہ کمپنیوں کا کیا کردار ہے؟ بہت سے ممالک میں پنشن فنڈز اور بیمہ کمپنیاں طویل مدتی سرمایہ کاری کے بڑے ذرائع ہیں' تاہم پاکستان میں وسیع پیمانے پر پھیلا ہوا پنشن کا بڑا نظام موجود نہیں۔ پنشن کے انتظامات بنیادی طور پر سرکاری ملازمین تک محدود ہیں۔ اکثر پنشن حکومت کی موجودہ آمدنی سے براہِ راست ادا کی جاتی ہے۔ ہمارے ہاں ایسا نہیں ہوتا کہ پنشن کو بڑے سرمایہ کاری فنڈز کی صورت میں جمع کیا جائے۔ نتیجتاً پنشن اور بیمہ فنڈز معیشت کے حجم کے مقابلے میں بہت چھوٹے ہیں۔ حکومتی ہدایات کے تحت سرکاری پنشن اور انشورنس کے اداروں کو بھی اپنا زیادہ تر سرمایہ حکومتی سکیورٹیز یا بینکوں میں ڈپازٹس کی صورت میں رکھنا پڑتا ہے؛ چنانچہ وہ رقم جس سے کاروباری اداروں میں سرمایہ کاری کی جا سکتی تھی' اکثر بالآخر حکومت یا بینکوں کے پاس پہنچ جاتی ہے۔

حکمرانوں کے قول وفعل کا تضاد

خالد مسعود خان

اب تو خیر سوشل میڈیا کا زمانہ ہے اور کوئی چیز زیادہ دیر چھپی نہیں رہتی۔ یہ ایک ناقابلِ تردید حقیقت ہے کہ جھوٹ بہرحال سامنے آ جاتا ہے۔ اس بات پر ضرور بحث ہو سکتی ہے کہ جھوٹ کو کتنے عرصے تک پردے میں رکھا جا سکتا ہے' لیکن یہ بات طے ہے کہ سچائی بالآخر سامنے آ جاتی ہے۔ جب سوشل میڈیا کا زمانہ نہیں تھا' تب جھوٹ اس تیزی سے آشکار نہیں ہوتا تھا جیسا کہ اب ہو رہا ہے۔ اُس زمانے میں جھوٹ بولنے والے یہ سمجھتے تھے کہ ان کا جھوٹ چھپ جائے گا۔ ویسے بھی ہر جھوٹ بولنے والے کو ہمیشہ یہ خوش فہمی رہی ہے کہ اس کا جھوٹ عیاں نہیں ہوگا' یا وہ اسے سچ ثابت کر دے گا' لیکن سوشل میڈیا کی مادر پدر آزادی کے دور میں تو اب اس چیز کا امکان مزید کم ہو گیا ہے کہ جھوٹ کو زیادہ دیر تک چھپایا جا سکے۔

ہمارے حکمران بلکہ ہمارے کیا' دنیا بھر کے حکمران اپنے ہر جھوٹ کے بارے میں یقین رکھتے ہیں کہ بھلا ان کے منہ سے نکلی ہوئی بات جھوٹ کیسے ہو سکتی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ ان کے بھونپو عوام کو یہ بات باور کرانے میں لگے رہتے ہیں کہ ہمارے حکمران معصوم عن الخطا کے درجے پر فائز ہیں' اس لیے وہ جھوٹ نہیں بول سکتے لہٰذا ہم لوگوں کا اس بات پر ایمان ہونا چاہیے کہ وہ جو بھی کہہ رہے ہیں بس وہی سچ ہے۔

اگست 1997ء میں لندن کے مشہور جیولر "شاتیلا" (Chatila) سے ہیروں اور نیلم کا ایک قیمتی سیٹ جس میں ایک نیکلس' بالیاں' کڑا اور ایک انگوٹھی شامل تھی' خریدا گیا۔ خرید کے وقت اس کی قیمت ایک لاکھ 17 ہزار برطانوی پاؤنڈ یعنی آج کے حساب سے تقریباً 4 کروڑ 35 لاکھ روپے تھی۔ ان زیورات کی قیمت کا کچھ حصہ نقد اور بقیہ رقم بومر فنانس نامی آف شور کمپنی کے ذریعے ادا کی گئی' جس کے بینیفشل آصف علی زرداری تھے۔ زرداری صاحب کی کمپنی کی جانب سے ادائیگی کے باعث اس جیولری سیٹ کی ملکیت کی کڑیاں بینظیر بھٹو سے جا ملتی تھیں۔ اس دور میں اس نیکلس کا بہت زیادہ شور اٹھا۔ اپوزیشن اس نیکلس کی ملکیت' اس کی قیمت' اس کی خریداری اور اتنی بڑی رقم کے بارے میں سوالات اٹھانے لگ گئی۔ جب یہ شور وغوغا زیادہ بلند ہوا تو بینظیر بھٹو نے بڑے واضح الفاظ میں اس قسم کے کسی نیکلس کی خریداری اور ملکیت سے صاف انکار کر دیا۔ انہوں نے بڑے تیقن سے کہا کہ ان کے پاس ایسا کوئی نیکلس نہیں اور یہ سب الزامات ان پر بہتان ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ ساری باتیں محض الزام کی حیثیت رکھتی ہیں جو اپوزیشن ان کی سیاسی کردار کشی کے لیے ان پر لگا رہی ہے' ان کا دامن اس قسم کی چیزوں سے پاک ہے اور وہ ایسی کسی بھی شے کی ملکیت سے انکار کرتی ہیں۔ ان کے اس بیان پر پیپلز پارٹی کے ڈھنڈورچیوں نے بھی یہ بیان کورس کی شکل میں دہرانا شروع کر دیا کہ بی بی کی ملکیت میں کوئی نیکلس وبکلس نہیں اور یہ سارے الزامات جھوٹ پر مبنی ہیں۔

تین ماہ بعد نومبر 1997ء میں مسلم لیگ کی حکومت آ گئی۔ بینظیر بھٹو اور آصف علی زرداری کے خلاف ایس جی ایس اور کوٹیکنا کرپشن کیسز کی تحقیقات شروع ہو گئیں۔ جون 1998ء میں سوئس عدالت کے تفتیشی جج کی ہدایت پر یہ زیورات بینک لاکر سے نکال کر سوئس حکام کے حوالے کر دیے گئے۔ اگست 2003ء میں عدالت نے منی لانڈرنگ کے الزام میں آصف علی زرداری اور بینظیر بھٹو کو چھ ماہ کی معطل شدہ سزا سناتے ہوئے ان کے اکاؤنٹس منجمد کر دیے اور غیر قانونی رقم سے خرید کردہ ان زیورات کو حکومتِ پاکستان کے حوالے کرنے کا حکم دیا۔ بعد ازاں ان زیورات کی ملکیت سے انکار کرنے والی بینظیر بھٹو نے پینترا بدلتے ہوئے کہا کہ انہیں یہ زیورات ان کے شوہر آصف زرداری نے تحفے میں دیے تھے مگر انہوں نے یہ تحفہ قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ (نومبر 2014ء میں بومر فنانس نامی آف شور کمپنی نے ان زیورات کی ملکیت کا دعویٰ کر دیا مگر عدالت نے ان کی ملکیت کا دعویٰ مسترد کرتے ہوئے ان زیورات کو آصف زرداری اور بینظیر بھٹو کی ملکیت قرار دیا)۔ جب ملکیت کا معاملہ کھل کر آشکار ہو گیا تو بینظیر بھٹو نے فرمایا کہ وہ تین پشتوں سے وزیراعظم ہیں' کیا وہ ایک نیکلس بھی نہیں خرید سکتیں؟ پیپلز پارٹی کے جیالوں نے بجائے یہ سوال کرنے کے کہ پہلے غلط بیانی کیوں کی اور بعد میں عدالتی فیصلے کے بعد ان کو کیسے یاد آیا کہ وہ تین پشتوں سے وزیراعظم ہیں اور یہ سیٹ خرید سکتی ہیں' دوبارہ کورس میں راگ الاپنا شروع کر دیا کہ ان کی لیڈر تین پشتوں سے وزیراعظم ہیں کیا وہ زیورات کا ایک سیٹ بھی نہیں خرید سکتیں؟ تب اس جھوٹ کا پردہ مکمل طور پر فاش ہونے میں سترہ سال کا عرصہ لگا۔ لیکن اب سوشل میڈیا کی تیز رفتاری نے سب کچھ بدل کر رکھ دیا ہے۔

ایک چینی کہاوت ہے کہ اگر آپ بنیاد ٹیڑھی رکھیں تو اس کے بعد دیوار کو خواہ آسمان تک لے جائیں' وہ سیدھی نہیں ہو سکتی۔ اسی طرح اگر آپ کسی بات کی بنیاد جھوٹ پر رکھیں تو اس پر سچائی کی دیوار کبھی بھی سیدھی کھڑی نہیں کی جا سکتی۔ ایک جھوٹ کو چھپانے کے لیے جھوٹ در جھوٹ کی ضرورت پڑتی ہے جبکہ سچ اپنی دلیل خود ہوتا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے حکومت پنجاب کے ملکیتی سرکاری جہاز پر لندن میں اپنی بیٹی کی گریجوایشن کے سو فیصد ذاتی دورے کے بعد کہا کہ ہاں! میں سرکاری جہاز پر لندن گئی تھی اور میں آئندہ بھی اس پر جاؤں گی۔ آخر میں ناقدین کو چڑانے کے لیے کہا "تھینک یو ویری مچ"۔ یہ فلکار وزیراعلیٰ کی اس گفتگو پر صرف لکھ ہی سکتا ہے وزیراعلیٰ کو روک تو نہیں سکتا۔ تاہم صرف اتنی عرض ہے کہ اگر یہ بیان اس جہاز کی خرید کے روزِ اول ہی دے دیا جاتا تو طیلچوں کو سو پینترے بدل بدل کر جھوٹ نہ بولنا پڑتا۔ اس جہاز کا جو سفر پنجاب ایئرلائن سے شروع ہوا تھا' اس کا اختتام لندن کے ذاتی دورے پر نہ کرنا پڑتا۔ بیان آیا کہ اس دورے پر خرچ ہونے والے تمام تر اخراجات جو کہ مبلغ پونے تین کروڑ روپے بنتے تھے' وزیراعلیٰ نے اپنی جیب سے ادا کیے ہیں۔ مجھے یاد پڑتا ہے کہ جب میاں نواز شریف وزارتِ عظمیٰ کے دوران لندن سے اپنا علاج کروا کر واپس آئے تو ان کے کسی وزیر نے اسمبلی میں یہی بیان دیا تھا کہ اس علاج اور دورے کے سارے اخراجات میاں نواز شریف صاحب نے ذاتی جیب سے ادا کیے ہیں۔ بعد میں علم ہوا کہ دیگر سارے اخراجات کے علاوہ لندن میں رہائش پذیر دو عدد خوشحال بیٹوں کے ہوتے ہوئے ایک علیل باپ نہ صرف بازار سے سرکاری خرچ پر کھانا منگواتا رہا بلکہ فیکس' ٹیکسی اور اخبارات وغیرہ کے بل بھی حکومتِ پاکستان کے کھاتے سے ادا کیے گئے۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا ایسے عالم میں جب قوم کو سادگی اور بچت کا بھاشن بھی سنایا جا رہا ہے اور ''میرا پیسہ، میری مرضی'' پر قدغن لگاتے ہوئے امرا اور صاحبِ حیثیت افراد کو بھی شادی پر ون ڈش کا پابند کیا جا رہا ہے' حکمران خواہ اپنا پیسہ ہی سہی' اس طرح لگژری جہاز کے سفر پر کس طرح لٹا سکتے ہیں؟ کیا حکمرانوں کے بھاشن' پابندیاں' نصیحتیں اور دعوے صرف عوام کے لیے ہیں؟ جب تک حکمران خود مثال قائم نہیں کرتے' ان کی کسی بات کا نہ کوئی اثر ہے اور نہ ہی کوئی فائدہ ہے۔ حکمرانوں کے قول وفعل میں تضاد ہو تو عوام سے کسی اچھائی کی توقع رکھنا عبث ہے۔

SHOWBIZ شوبز

صباحت بخاری کا بیٹی سے 30 سالہ جدائی کا دردناک انکشاف

شادی ختم ہونے کے بعد سابق شوہر کے خاندان نے میری شیر خوار بیٹی کو مجھ سے جدا کر دیا

کراچی (این این آئی) پاکستانی شوبز کی معروف اداکارہ صباحت بخاری نے اپنی ذاتی زندگی کے ایک انتہائی تکلیف دہ باب سے پردہ اٹھاتے ہوئے انکشاف کیا ہے کہ مجھے اپنی پہلی اولاد، بیٹی سے تقریباً 30 سال تک جدائی کا درد برداشت کرنا پڑا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق اداکارہ نے بتایا کہ میری پہلی شادی لاہور میں ہوئی تھی، جس سے میرے گھر ایک بیٹی کی پیدائش ہوئی تاہم شادی ختم ہونے کے بعد سابق شوہر کے خاندان نے میری شیر خوار بیٹی کو مجھ سے جدا کر دیا۔ صباحت بخاری کے مطابق میں نے اپنی بیٹی سے ملاقات اور اسے واپس حاصل کرنے کے لیے قانونی کارروائی بھی کی لیکن مجھے اپنی بچی سے ملنے کی اجازت نہیں دی گئی۔ اداکارہ نے بتایا کہ بعد ازاں سابق شوہر کے خاندان نے اپنا گھر تبدیل کر لیا، جس کے باعث میں اپنی بیٹی کا سراغ لگانے میں بھی کامیاب نہ ہو سکی، سابق شوہر نے بیٹی کو یہ بتا رکھا تھا کہ اس کی والدہ انتقال کر چکی ہیں۔

حنا پرویز بٹ نے یوٹیوبر رجب بٹ کو آڑے ہاتھوں لے لیا

شدید تنقید کے بعد رجب بٹ نے بالآخر انسٹاگرام پر عوامی سطح پر معذرت کر لی

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی کی رکن اور پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی کی چیئرپرسن حنا پرویز بٹ نے بچوں کے ساتھ جنسی زیادتی سے متعلق متنازع بیان پر یوٹیوبر رجب بٹ کو آڑے ہاتھوں لے لیا۔ حنا پرویز بٹ نے یوٹیوبر کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے ان کے طرزِ عمل کی مذمت کی ہے۔ رکنِ پنجاب اسمبلی نے سوال اٹھایا ہے کہ ایسے شخص کی حمایت جاری رکھنے والے افراد کی سوچ کیا ہے؟ رکنِ پنجاب اسمبلی نے اپنے ایکس اکاؤنٹ پر ایک پوسٹ میں رجب بٹ کے نئے متنازع بیان پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے لکھا ہے کہ بچوں کے ساتھ زیادتی جیسے انتہائی حساس موضوع پر مذاق کرنا کوئی ہنسی مذاق کی بات نہیں۔ انہوں نے متنازع بیان کے بعد یوٹیوبر کے ردِعمل کو بھی تنقید کا نشانہ بنایا ہے اور کہا ہے کہ اس معاملے پر اعتراض کرنے والے لوگوں کے خلاف بھی رجب بٹ نے نامناسب رویہ اختیار کیا۔

ادا کارہ صبا قمر کا محبت ہو جانے کا اعتراف

تقریباً 4 سال قبل ایک فلم میں کام کرنے والے اپنے ساتھی اداکار سے محبت کر بیٹھی تھی

کراچی (این این آئی) پاکستانی شوبز کی معروف اداکارہ صبا قمر نے کہا ہے کہ میں تقریباً 4 سال قبل ایک فلم میں کام کرنے والے اپنے ساتھی اداکار سے محبت کر بیٹھی تھی یا پھر شاید اس کے کردار سے۔ صبا قمر ان دنوں برطانیہ میں موجود ہیں، جہاں انہوں نے ایک فلاحی تقریب اور مداحوں سے ملاقات کے پروگرام میں شرکت کی، اسی دوران اداکارہ نے اپنی نجی زندگی سے متعلق ایک دلچسپ واقعہ بھی سنایا۔ صبا قمر نے بتایا کہ چند برس قبل ایک فلم میں اپنے ساتھی اداکار کے ساتھ کام کرتے ہوئے مجھے اس سے محبت ہو گئی تھی۔ انہوں نے اداکار کا نام بتانے سے گریز کیا اور کہا کہ اب وہ اداکار شادی شدہ ہے اور ان کی اہلیہ شوہر سے اس حوالے سے بازپرس کر سکتی ہیں۔ اداکارہ کے مطابق یہ سب کچھ غیر ارادی طور پر ہوا اور مجھے خود بھی اندازہ نہیں تھا کہ میں کب اپنے ساتھی اداکار کے لیے جذبات پیدا کر بیٹھی۔ صبا قمر نے بتایا کہ میں نے یہ بات اپنی بھانجی سے بھی شیئر کی تھی جس نے مجھے مشورہ دیا کہ میں اس شخص کو بھول جاؤں، مجھے بھانجی نے کہا کہ آپ دونوں فلم کی شوٹنگ کے دوران جنگل میں ایک ساتھ کام کر رہے تھے، اس لیے ممکن ہے کہ یہ وقتی جذبات ہوں اور مجھے اس بارے میں زیادہ سوچنے کی ضرورت نہیں۔ صبا قمر کے مطابق میری بھانجی نے مجھے کہا کہ میں اپنی زندگی میں آگے بڑھوں۔

عاصم اظہر کی ہانیہ عامر کے گانے پابلو کی تعریف

سلام آباد (این این آئی) پاکستانی شوبز کے معروف اداکار وگلوکار عاصم اظہر نے اداکارہ و گلوکارہ ہانیہ عامر کے نئے گانے پابلو کی تعریف کرتے ہوئے اسے زبردست قرار دیا ہے۔ ہانیہ عامر اور عاصم اظہر دونوں نے عوام کی نظروں کے سامنے اپنے کیریئر کا آغاز کیا اور مقبولیت حاصل کی، دونوں کے تعلقات بھی کئی اتار چڑھاؤ سے گزر چکے ہیں۔ دونوں کے درمیان تعلق، علیحدگی، عاصم اظہر کی میرب علی سے منگنی اور پھر اس کے خاتمے سمیت ان کی ذاتی زندگی مختلف مواقع پر خبروں کی زینت بنتی رہی ہے۔ ہانیہ عامر نے شوبز انڈسٹری میں اپنے 10 سال مکمل ہونے پر حال ہی میں نیا گانا پابلو ریلیز کیا، یہ گانا صرف ایک جشن نہیں بلکہ ناقدین اور مخالفین کے لیے ہانیہ عامر کا جواب بھی قرار دیا جا رہا ہے۔ عاصم اظہر نے ہانیہ عامر کے گانے پر اپنے ردعمل کا اظہار کیا ہے، ایک پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے عاصم اظہر نے پابلو کو زبردست گانا قرار دیا اور کہا کہ یہ اپنے آپ کو ظاہر کرنے کا بہترین انداز ہے۔ عاصم اظہر نے ہانیہ عامر کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ ہر شخص کا پاکستان آئیڈل کا جج بننا ضروری نہیں، تاہم انہوں نے گانے کو سراہتے ہوئے ہانیہ کے فن اور اظہار کو پسند کیا۔

سنگیتا کا تیسری شادی سے متعلق انکشاف، شوہر کا نام بھی بتا دیا

بچوں کی شادیاں کرنے کے بعد میں تنہا رہ گئی تھی، سینئر اداکارہ و ہدایت کاری

لاہور (این این آئی) پاکستانی فلم اور ٹی وی کی سینئر اداکارہ اور معروف ہدایت کارہ سنگیتا نے اپنی تیسری شادی کا انکشاف کرتے ہوئے سابقہ شادیوں میں پیش آنے والے مبینہ گھریلو تشدد کے واقعات پر کھل کر گفتگو کی ہے۔ ان دنوں سنگیتا آنے والی فلم مکھو کی ہدایت کاری کر رہی ہیں، جس میں صائمہ، معمر رانا، میرا اور لیلیٰ اداکاری کر رہے ہیں، اس کے علاوہ وہ آنے والے ڈرامے بھلے شاہ کی بھی ہدایت کاری کر رہی ہیں۔ حال ہی میں ہدایت کارہ نے ایک پروگرام میں شرکت کی، جہاں انہوں نے اپنی تیسری شادی کے حوالے سے تفصیلات بیان کیں اور سابقہ شادیوں میں پیش آنے والے مبینہ تشدد کے بارے میں بھی بات کی۔ اپنی تیسری شادی کے بارے میں گفتگو کرتے ہوئے سنگیتا نے کہا کہ یہ میری تیسری شادی ہے، میری پہلی شادی ہمایوں قریشی سے اور دوسری نوید اکبر سے ہوئی تھی، میں نے تیسری شادی طارق میندرو سے کی، جو فلم انڈسٹری سے وابستہ ہیں۔

رانی مکھرجی کی والدہ 75

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی معروف اداکارہ رانی مکھرجی کی والدہ اور پلے بیک گلوکارہ کرشنا مکھرجی 75 برس کی عمر میں چل بسیں۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق اداکارہ کے خاندان کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ انتہائی بوجھل دل کے ساتھ ہم یہ خبر شیئر کر رہے ہیں کہ رانی مکھرجی کی والدہ 75 سالہ مسز کرشنا مکھرجی منگل کی دوپہر چل بسیں۔ پیغام میں کہا گیا ہے کہ خاندان آپ کی محبت، دعاؤں اور تعاون کا تہہ دل سے شکر گزار ہے اور اس شدید غم کی گھڑی میں احترام کے ساتھ پرائیویسی برقرار رکھنے کی

SPORTS سپورٹس

میسی کے آخری میچ کی خصوصی جرسی کی پہلی جھلک سامنے آ گئی

مونومینٹل اسٹیڈیم میں بینن کے خلاف ارجنٹینا کی جانب سے آخری میچ کھیلیں گے



بیونس آئرس (این این آئی) ارجنٹینا کے لیجنڈری فٹبالر لیونل میسی نے قومی ٹیم کے لیے اپنی آخری پیشی سے قبل خصوصی جرسی کی پہلی جھلک مداحوں کے ساتھ شیئر کر دی۔ 39 سالہ اسٹار نے انسٹاگرام پر ایڈیڈاس کی تیار کردہ خصوصی ارجنٹینا شرٹ دکھاتے ہوئے لکھا، ایک آخری میچ، زندگی بھر کے لیے ایک جرسی۔ ارجنٹینا کی روایتی آسمانی اور سفید رنگوں پر مشتمل جرسی میں میسی کے الوداع کو یادگار بنانے کے لیے کئی منفرد تفصیلات شامل کی گئی ہیں۔ پشت پر میسی اور مشہور نمبر 10 سنہری رنگ میں درج ہے جبکہ نام کے اوپر ارجنٹینا کے جھنڈے پر موجود خصوصی سورج کا نشان سن آف مئی بھی موجود ہے۔ جرسی کے پچھلے حصے پر ایک مخصوص ڈیزائن بھی بنایا گیا ہے۔ میسی 6 اکتوبر کو بیونس آئرس کے مونومینٹل اسٹیڈیم میں بینن کے خلاف ارجنٹینا کی جانب سے آخری میچ کھیلیں گے۔ یہ مقابلہ ان کے بین الاقوامی فٹبال سے الوداع کے طور پر منعقد کیا جا رہا ہے۔

کراچی: تائیکوانڈو اسٹرائیکرز، این این کوانڈو ایکیڈمی کے زیر اہتمام تائیکوانڈو اوپن چیمپئن شپ میں بھارتی تائیکوانڈو کلب کے بیک پیئر سمان شیو کو طور مال پیٹھ پر میڈل پہنا رہے ہیں۔ (فوٹو: این این آئی)

بھارت جاپان کیخلاف ٹی ٹوئنٹی میچ میں شکست سے بال بال بچ گیا

مضبوط بیٹنگ لائن رکھنے والی بھارتی پوری اننگز میں صرف 2 چوکے ہی لگا سکی

سانو (این این آئی) بھارت کمزور ترین حریف جاپان کے خلاف ٹی ٹوئنٹی میچ میں شکست سے بال بال بچ گیا۔ جاپان کے شہر سانو میں بارش کے باعث 5 اوورز فی اننگز تک محدود واحد ٹی ٹوئنٹی میچ میں بھارت نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا۔ بھارتی ٹیم کو پہلے ہی اوور میں نقصان اٹھانا پڑا جب ابھیشیک شرما

بقیہ 1

سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ پروجیکٹ ڈائریکٹر مارگلہ آرچرڈ نے منصوبے پر ہونے والی پیش رفت، مختلف ترقیاتی سرگرمیوں اور آئندہ کے لائحہ عمل سے متعلق وفاقی سیکرٹری کو آگاہ کیا۔ جناب کیپٹن (ر) محمد محمود نے اسکیم میں جاری ترقیاتی کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا اور بجلی، گیس اور ہارٹیکلچر سے متعلق پیش رفت کے بارے میں بریفنگ حاصل کی۔ انہوں نے بجلی اور گیس کی فراہمی کے منصوبوں اور ہارٹیکلچر کے کاموں کی پیش رفت کے حوالے سے متعلقہ افسران سے تفصیلات دریافت کیں اور ضروری ہدایات جاری کیں۔ وفاقی سیکرٹری نے اسکیم میں رین واٹر چینلائزیشن کے انتظامات کے بارے میں بھی معلومات حاصل کیں اور اس حوالے سے جاری اقدامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے مین بلیوارڈ پر لائٹنگ کے انتظامات کے حوالے سے بھی تفصیلی بریفنگ لی اور متعلقہ حکام کو ضروری اقدامات یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر مارگلہ آرچرڈ ہاؤسنگ اسکیم میں بلاک-اے کی جون 2027 میں پوزیشن/قبضہ دینے کے حوالے سے بھی پیش رفت پر گفتگو کی گئی۔ وفاقی سیکرٹری نے منصوبے کے مقررہ اہداف کے حصول کے لیے ترقیاتی کاموں کو مزید تیز کرنے اور تمام متعلقہ سہولیات کی بروقت تکمیل یقینی بنانے پر زور دیا۔ وفاقی سیکرٹری ہاؤسنگ اینڈ ورکس نے منصوبے پر جاری کام کی رفتار کا جائزہ لیتے ہوئے ہدایت کی کہ ترقیاتی سرگرمیوں کو مزید تیزی سے آگے بڑھایا جائے اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے کام کو بھی مقررہ ٹائم لائن کے مطابق مکمل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ مارگلہ آرچرڈ ہاؤسنگ اسکیم ایک اہم رہائشی منصوبہ ہے، اس لیے اس کے ترقیاتی کاموں میں معیار، رفتار اور مؤثر نگرانی کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ منصوبے کے تمام ترقیاتی اور انفراسٹرکچر سے متعلق امور کو باہمی رابطے کے ساتھ آگے بڑھایا جائے تاکہ الاٹیز کو بروقت بنیادی سہولیات کی فراہمی اور منصوبے کی مقررہ اہداف کے مطابق تکمیل یقینی بنائی جاسکے۔ دورے کے اختتام پر وفاقی سیکرٹری نے منصوبے پر جاری ترقیاتی سرگرمیوں پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کام کی رفتار کو برقرار رکھنے اور منصوبے کی بروقت تکمیل کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لانے کی ہدایت کی۔

بقیہ 2

جہاں سے شرکاء مختلف راستوں سے ہوتے ہوئے گھنٹہ گھر چوک پہنچے ریلی کے شرکاء نے ہاتھوں میں پارٹی پرچم اٹھا رکھے تھے اور ناامنظور ناامنظور کا منظور سمیت مختلف نعرے لگاتے ہوئے اپنے مطالبات اور مؤقف کا اظہار کیا بعد ازاں ریلی سندھ پریس کلب کندھ کوٹ کے سامنے پہنچی جہاں شرکاء نے احتجاج ریکارڈ کرایا ریلی کی قیادت ڈویژنل صدر دل مراد خان دہانی ضلعی صدر اکرم باجکانی نور حسن سبزوئی سرمد جاگیرانی جیون سندھی اور دیگر رہنماؤں نے کی رہنماؤں اور کارکنوں نے ریلی کے دوران سندھ کی وحدت امن اور یکجہتی کے حق میں نعرے بلند کیے اس موقع پر احتجاجی ریلی سے خطاب اور میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رہنماؤں کا کہنا تھا کہ سندھ ان کے لیے محض ایک خطہ نہیں بلکہ ایک مشترکہ تاریخی ثقافتی اور جغرافیائی شناخت رکھتا ہے ان کا کہنا تھا کہ سندھ میں مختلف قوموں برادریوں اور زبانیں بولنے والے لوگ آباد ہیں تاہم سندھ کی وحدت تمام باشندوں کے لیے مشترکہ حیثیت رکھتی ہے رہنماؤں نے نئے صوبوں اور نئے انتظامی یونٹس کے قیام سے متعلق تجاویز کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ سندھ کی تقسیم یا اس کی وحدت کو متاثر کرنے والے کسی بھی اقدام کو قبول نہیں کیا جائے گا۔ ان کے مطابق اس معاملے پر عوامی سطح پر آواز بلند کرنے اور احتجاج کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا مقررین نے کہا کہ سندھ کے عوام اپنے صوبے کی وحدت اور جغرافیائی حیثیت کے حوالے سے حساس ہیں اس لیے کسی بھی ایسے اقدام کے خلاف سیاسی اور عوامی سطح پر اپنا مؤقف پیش کیا جائے گا جس سے ان کے خیال میں سندھ کی موجودہ وحدت متاثر ہو سکتی ہے رہنماؤں نے مزید بتایا کہ پارٹی کے مرکزی صدر ڈاکٹر قادر مگسی کی جانب سے 15 نومبر کو کراچی میں ایک بڑے جلسے کا اعلان کیا گیا ہے ان کے مطابق جلسے میں سندھ کے مختلف علاقوں سے کارکنوں اور لوگوں کی شرکت متوقع ہے، جبکہ جلسے کے ذریعے نئے صوبے نئے یونٹس نامنظور کا پیغام حکمرانوں تک پہنچانے کا اعلان کیا گیا ہے احتجاجی ریلی کے دوران شرکاء نے مختلف نعروں کے ذریعے اپنے سیاسی مؤقف کا اظہار کیا ریلی کے اختتام پر سندھ پریس کلب کندھ کوٹ کے سامنے شرکاء نے شدید نعرے بازی کی اور نئے صوبوں و انتظامی یونٹس کے قیام کے خلاف اپنا احتجاج ریکارڈ کرایا مقامی سطح پر نکالی جانے والی اس ریلی میں مقررین نے سندھ کی وحدت امن اور سیاسی و جغرافیائی شناخت کے تحفظ کو اپنی گفتگو کا مرکزی موضوع بنایا اور اعلان کیا کہ اس معاملے پر عوامی رابطہ اور احتجاجی سرگرمیاں آئندہ بھی جاری رکھنے کی کوشش کی جائے گی

بقیہ 3

کی سربراہی میں پناہ کی ٹیم نے ہسپتال کے ڈاکٹروں اور نرسنگ اسٹاف کو سی پی آر کی عملی تربیت فراہم کی۔ اس موقع پر پناہ کے جنرل سیکریٹری ثناء اللہ گھمن نے سی پی آر کی تربیت کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا پناہ گزشتہ 40 برس سے مختلف اداروں اور طبقات سے تعلق رکھنے والے افراد کو سی پی آر کی تربیت فراہم کر رہا ہے۔ اس تربیت کا بنیادی مقصد ہنگامی صورتحال میں فوری اور درست طبی امداد فراہم کرنے کے حوالے سے افراد کی صلاحیتوں میں اضافہ کرنا اور قیمتی انسانی جانوں کے تحفظ میں اپنا کردار ادا کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پناہ صحت کے شعبے سے وابستہ افراد، مختلف اداروں اور معاشرے کے دیگر طبقات میں سی پی آر کے حوالے سے آگاہی اور تربیت کے فروغ کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گا، تاکہ زیادہ سے زیادہ افراد ہنگامی حالات میں مؤثر طریقے سے ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے لیے ضروری علم اور مہارت حاصل کرسکیں اور قیمتی انسانی جانیں بچانے میں اپنا کردار ادا کرسکیں۔

بقیہ 4

دریا میں جا گرا اور پانی میں ڈوب گیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی اہل خانہ اور گاؤں کے لوگوں نے فوری طور پر اپنی مدد آپ کے تحت بچے کی تلاش شروع کردی گاؤں کے افراد کی جانب سے دریائے سندھ میں مختلف مقامات پر بچے کی لاش تلاش کرنے کی کوششیں جاری ہیں، تاہم تاحال بچے کا کوئی سراغ نہیں مل سکا۔ مقامی لوگوں کا کہنا ہے کہ دریا میں پانی کا بہاؤ اور گہرائی زیادہ ہونے کے باعث اپنی مدد آپ کے تحت سرچ آپریشن میں مشکلات پیش آرہی ہیں۔ واقعے کے بعد بچے کے ورثاء نے ڈپٹی کمشنر کشمور ایٹ کندھکوٹ سے فوری طور پر اپیل کی ہے کہ دریائے سندھ میں ڈوبنے والے 5 سالہ بچے کی تلاش کے لیے ریسکیو ٹیمیں، غوطہ خور اور دیگر ضروری وسائل فراہم کیے جائیں، تاکہ بچے کی لاش کو جلد از جلد تلاش کرکے ورثاء کے حوالے کیا جاسکے ورثاء کا کہنا ہے کہ کمسن بچے کے دریا میں ڈوبنے کے بعد خاندان انتہائی کرب اور پریشانی کی حالت میں ہے، جبکہ مقامی افراد محدود وسائل کے باوجود اپنی مدد آپ کے تحت بچے کی تلاش میں مصروف ہیں۔ انہوں نے ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ واقعے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے امدادی کارروائیاں شروع کرائی جائیں اور بچے کی تلاش کے لیے ماہر غوطہ خوروں سمیت تمام ضروری سہولیات فراہم کی جائیں علاقہ مکینوں نے بھی ضلعی

بقیہ 5

کوئی سوچ گا بھی نہیں، اسلام آباد ہائیکورٹ کے حکم کے بعد احتجاج اور چڑھائی نہ کرنا لازم ہے، آپ اپنے صوبے کی طاقت کو وفاق کے خلاف استعمال نہیں کرسکتے۔ وزیر مملکت داخلہ نے کہا کہ جب بھی حالات سنبھلنے لگتے ہیں تو اس طرح کا کھیل شروع ہوجاتا ہے، ان کا یہ خیال غلط ہے کہ ایسی حرکتوں سے بانی کو کوئی فائدہ ہوگا، جیل میں قیدی سے ملاقات جیل رولز کے تحت ہی ہوسکتی ہیں، سڑکیں بند کرنے یا احتجاج کرنے سے جیل میں ملاقاتیں نہیں ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ احتجاج میں سیکیورٹی اہلکاروں کو مارا، کچلا، گولیوں مار کر زخمی کیا گیا، تحریک انصاف کے صوبائی صدر کہتے ہیں اسلام آباد کو سومنات بنائیں گے، سومنات تو لٹیں گرانے اور توڑ پھوڑ کرنے سے ہی بن سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئین میں گورنر راج کا آپشن موجود ہے، وفاقی حکومت سیاسی حکومت ہے، کوئی کام جلد بازی میں نہیں کرنا چاہتے، سیاسی لوگوں کو موقع دینا چاہتے ہیں۔

بقیہ 6

کارڈز کی مدت ختم ہوچکی ہے، وہ فوری طور پر نادرا سے اپنے شناختی کارڈز کی تجدید کروائیں تاکہ انہیں وظائف کی وصولی میں کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے کہا کہ صدر پاکستان آصف علی زرداری اور وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی ہدایات پر پی آئی ایس پی نے خواتین بینیفشریز تک ادائیگی کی رقم محفوظ اور شفاف انداز میں پہنچانے کے لیے Digital Wallet کا نظام شروع کیا ہے۔ یہ حکومت پاکستان کی جانب سے بی آئی ایس پی کی خواتین بینیفشریز کے لیے ایک تحفہ ہے۔ چیئرپرسن نے خواتین بینیفشریز کو ہدایت کی کہ جن خواتین بینیفشریز نے ابھی تک بی آئی ایس پی دفتر سے اپنی مفت بینظیر سم حاصل نہیں کی، یا کسی اور جگہ سے سم حاصل کی ہے، وہ اپنے قریبی بی آئی ایس پی دفتر سے مفت بینظیر سم ضرور حاصل کریں۔ سم حاصل کرنے کے لیے اصل شناختی کارڈ اور اپنا ذاتی موبائل فون ساتھ لائیں۔ کسی فرنچائز، ریٹیلر یا غیر مجاز شخص سے سم نہ لیں اور نہ ہی اسے ایکٹیویٹ کروائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ سم کی ایکٹیویشن بی آئی ایس پی کی مقررہ سائٹ پر متعلقہ موبائل کمپنی کا نمائندہ کرے گا۔ خواتین بینیفشریز سم حاصل کرتے وقت بی آئی ایس پی کے عملے سے کہیں کہ سم ان کے موبائل فون میں خود ڈال کر دیں۔ سینیٹر روبینہ خالد نے بتایا کہ خواتین بینیفشریز کی آسانی کے لیے بی آئی ایس پی ادائیگیوں میں Interoperability کا نظام متعارف کرایا جارہا ہے۔ اس نظام کے تحت خواتین کسی ایک شہر یا کسی ایک بینک کے ریٹیلر تک محدود نہیں ہوں گی بلکہ ملک کے کسی بھی شہر میں کسی بھی وقت چھ پارٹنر بینکوں کے کسی بھی مجاز اور قابل اعتماد ریٹیلر سے اپنی رقم وصول کرسکیں گی۔ ان پارٹنر بینکوں میں HBL، Habib Bank، Microfinance Bank، Alfalah Telenor، Microfinance Bank of Punjab اور Mobilink/Jazz شامل ہیں۔ رقم وصول کرنے کے لیے خواتین بینیفشریز کے پاس اصل شناختی کارڈ ہونا اور بائیومیٹرک تصدیق مکمل ہونا ضروری ہے۔ جب ادائیگی کی رقم ڈیجیٹل والٹ میں منتقل ہوگی تو متعلقہ بینک کی جانب سے بینیفشریز کو چاہیے کہ ادائیگی وصول کرنے کے لیے مجاز بینک ریٹیلر کے پاس جانے سے پہلے یہ میسج ضرور چیک کریں۔ رقم وصول کرنے کے بعد بینک کی جانب سے ایک دوسرا تصدیقی میسج موصول ہوگا، جس میں نکلوائی گئی رقم کی تفصیلات درج ہوں گی۔ خواتین بینیفشریز دونوں میسجز محفوظ رکھیں۔ رقم وصول کرتے وقت اپنا موبائل فون کسی ریٹیلر، ایجنٹ یا کسی دوسرے شخص کے حوالے نہ کریں۔ چیئرپرسن نے سروے کے حوالے سے بھی واضح کیا کہ بی آئی ایس پی سروے کا مقصد گھرانے کی اہلیت کا تعین کرنا ہے۔ ایک مرتبہ سروے کروانے کے بعد دو سال سے پہلے دوبارہ سروے نہیں ہوسکتا، لہٰذا خواتین بینیفشریز بار بار سروے کروانے کی غرض سے بی آئی ایس پی دفاتر کا رخ نہ کریں۔

بقیہ 7

ڈویژنل انفارمیشن سیکرٹری طارق محمود قاسمی نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بیرسٹر ملک صہیب احمد بھرتھہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کو عملی جامہ پہنانے اور صوبے میں ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لیے بھرپور محنت اور جانفشانی سے مصروف عمل ہیں بیرسٹر ملک صہیب احمد بھرتھہ نے ملاقات کے دوران بتایا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق پنجاب کے تمام شعبوں میں ترقیاتی کام تیزی سے جاری ہیں اور ان منصوبوں کے ثمرات براہ راست عوام تک پہنچ رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ ڈھائی سال کے دوران پنجاب میں 50 ہزار کلومیٹر سڑکوں کی تعمیر و بحالی کا کام مکمل کیا گیا ہے، جبکہ رواں مالی سال مزید 10 ہزار کلومیٹر سڑکوں کی تعمیر و بحالی کا ہدف مقرر کیا گیا ہے صوبائی وزیر نے کہا کہ پنجاب میں سڑکوں کے وسیع نیٹ ورک کی تعمیر و بحالی سے شہریوں کو بہتر سفری سہولیات میسر آئیں گی، جبکہ دیہی علاقوں کو بھی ترقی کے نئے مواقع سے جوڑنے میں مدد ملے گی۔ بہتر سڑکیں نہ صرف آمدورفت کو آسان بنائیں گی بلکہ زرعی پیداوار کی منڈیوں تک رسائی، کاروباری سرگرمیوں کے فروغ اور دیہی معیشت کی بہتری میں بھی اہم کردار ادا کریں گی ملاقات میں پنجاب میں جاری ترقیاتی منصوبوں، بالخصوص سڑکوں کے انفراسٹرکچر کی بہتری اور عوام کو جدید سفری سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے مختلف امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 8

گفتگو کی گئی اس موقع پر شہریوں کے مسائل کے حل اور پولیس وصحافی برادری کے درمیان بہتر رابطہ برقرار رکھنے کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا۔

بقیہ 9

محمود نے پوزیشنز ہولڈرز طلبہ و طالبات کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ یہ شاندار کامیابی ان کی محنت اور لگن کا نتیجہ ہے۔ پوزیشن ہولڈرز کے اعزاز میں ایک پروقار تقریب 23 ستمبر 2026 بروز بدھ راولپنڈی تعلیمی بورڈ کے احاطے میں منعقد ہوگی جس میں نمایاں طلبہ وطالبات کو انعامات سے نوازا جائے گا۔

بقیہ 10

اسلام آباد میں العلم ماڈل سکول اینڈ اکیڈمی کا دورہ کرتے ہوئے طلبہ و طالبات سے خطاب میں کہی۔ معروف سیاسی وسماجی شخصیت اور پرنسپل میڈم نورین ارشاد نے خاقان وحید خواجہ کا استقبال کیا۔ اس موقع پر چیئرمین پاکستان عوامی قوت نے سکول کا دورہ کیا اور طلبہ و طالبات سے ملاقات و گفتگو کی۔ ملاقات کے دوران ای کامرس و ڈیجیٹل مارکیٹنگ، مائیکروفنانس اور راول فاؤنڈیشن کے مختلف فلاحی وترقیاتی منصوبوں میں باہمی تعاون اور مشترکہ طور پر کام کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ ملاقات میں تعلیم، نوجوانوں کی ترقی، روزگار کے مواقع اور سماجی بہبود کے حوالے سے مستقبل کے منصوبوں پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان عوامی قوت خدمت، تعلیم، روزگار اور عوامی فلاح کے لیے ایک عزم رکھتی ہے۔ اس موقع پر طلبہ و

طالبات کے سوالات کا بھی چیئرمین پاکستان عوامی قوت پارٹی خاقان وحید خواجہ نے جوابات دیے۔

بقیہ 11

منصوبے پر اب تک ہونے والی پیش رفت، جاری کام، منصوبے کی مقررہ مدت اور بروقت تکمیل کے لیے کیے جانے والے اقدامات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ چیئرمین سی ڈی اے نے کہا کہ کشمیر چوک منصوبہ ٹریفک کی روانی کو بہتر بنانے اور شہریوں کو طویل مدتی ریلیف فراہم کرنے کے حوالے سے انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ انڈر پاس کی تعمیر کا مقصد گاڑیوں کی آمدورفت کو مزید ہموار بنانا، ٹریفک کے انتظار اور تاخیر میں کمی لانا اور بالخصوص رش کے اوقات میں کشمیر چوک پر ٹریفک کے دباؤ کو کم کرنا ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے کشمیر چوک اور ملحقہ شاہراہوں پر موجودہ ٹریفک صورتحال کا بھی جائزہ لیا اور سی ڈی اے کی جانب سے کیے جانے والے فوری ٹریفک مینجمنٹ اقدامات کا معائنہ کیا۔ انہوں نے متعلقہ شعبوں کو ہدایت کی کہ مستقل انفراسٹرکچر کی تکمیل تک عارضی اور قلیل مدتی ٹریفک مینجمنٹ انتظامات کو مؤثر رکھا جائے تاکہ شہریوں اور مسافروں کو آمدورفت کے دوران کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ چیئرمین سی ڈی اے کو کشمیر چوک، مری روڈ پر ٹریفک مینجمنٹ سلوشن کے حوالے سے بھی بریفنگ دی گئی، جس کا مقصد ٹریفک کی روانی کو بہتر بنانا اور موجودہ ٹریفک رکاوٹوں کو دور کرنا ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے ہدایت کی کہ تمام ضروری اقدامات باہمی رابطے اور مربوط حکمت عملی کے تحت کیے جائیں تاکہ ترقیاتی کاموں کے دوران شہریوں کو کم سے کم مشکلات کا سامنا ہو اور ٹریفک کی روانی بلا تعطل جاری رہے۔ یہ تمام اقدامات سی ڈی اے کی اس وسیع تر حکمت عملی کا حصہ ہیں جس کے تحت اسلام آباد میں مربوط، مؤثر اور جدید روڈ نیٹ ورک کو فروغ دیا جارہا ہے، تاکہ شہری ترقی کے ساتھ ساتھ ٹریفک کی روانی بہتر بنائی جاسکے اور شہریوں کو آمدورفت کے لیے بہترین سہولیات فراہم کی جاسکیں۔ چیئرمین سی ڈی اے نے متعلقہ افسران کو تمام ترقیاتی منصوبوں پر کام مزید تیز کرنے اور انہیں مقررہ مدت کے اندر مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے واضح کیا کہ تمام ترقیاتی کام اعلیٰ معیار، انجینئرنگ کے اصولوں اور حفاظتی تقاضوں کے مطابق مکمل کیے جائیں، جبکہ ٹریفک اور شہریوں کی روزمرہ زندگی میں کم سے کم خلل کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ انفراسٹرکچر کی ترقی سے متعلق تمام اقدامات تمام متعلقہ اداروں اور شعبوں کے ساتھ قریبی رابطے اور باہمی تعاون سے مکمل کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ رش کے اوقات میں ٹریفک مینجمنٹ، ضرورت کے مطابق سڑکوں کی بہتری، لین مینجمنٹ اور اہم شاہراہوں کے درمیان رابطے کو خصوصی اہمیت دی جائے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے متعلقہ پراجیکٹ ڈائریکٹرز اور فیلڈ افسران کو منصوبے کے مقام پر باقاعدگی سے معائنہ کرنے اور کام کی رفتار اور معیار کی مؤثر نگرانی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ منصوبے پر عملدرآمد میں حائل کسی بھی مسئلے یا رکاوٹ کی فوری نشاندہی کی جائے اور باہمی رابطے اور مربوط کوششوں کے ذریعے اسے بروقت حل کیا جائے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ عوامی سہولت، بہتر سفری و آمدورفت کی سہولیات، جدید انفراسٹرکچر کی ترقی اور مؤثر ٹریفک مینجمنٹ سی ڈی اے کی اہم ترجیحات میں شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سی ڈی اے اسلام آباد کو پاکستان کا ایک ترقی یافتہ، صاف ستھرا، سرسبز، محفوظ اور خوبصورت دارالحکومت بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد میں انفراسٹرکچر کی بہتری، ٹریفک کے مسائل کے حل اور شہریوں کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی کے لیے انڈر پاسز، پلوں، سڑکوں اور دیگر اہم ترقیاتی منصوبوں پر کام تیزی سے جاری ہے۔ ان منصوبوں سے نہ صرف شہریوں کو بہتر آمدورفت کی سہولیات میسر آئیں گی بلکہ دارالحکومت میں تجارتی اور معاشی سرگرمیوں کے فروغ میں بھی مدد ملے گی۔ اس موقع پر شہریوں اور بالخصوص کشمیر چوک سے روزانہ گزرنے والے مسافروں نے سی ڈی اے کی جانب سے ٹریفک کے مسائل کے حل اور جدید انفراسٹرکچر کی فراہمی کے لیے کیے جانے والے اقدامات کو سراہا۔ شہریوں نے کشمیر چوک انڈر پاس سمیت سڑکوں، پلوں اور دیگر ترقیاتی منصوبوں کو عوامی سہولت اور ٹریفک کی روانی میں بہتری کے لیے اہم قرار دیتے ہوئے سی ڈی اے کی کوششوں کو سراہا اور توقع ظاہر کی کہ ان منصوبوں کی بروقت تکمیل سے شہریوں کو طویل مدتی ریلیف حاصل ہوگا۔ چیئرمین سی ڈی اے نے شہریوں کی جانب سے اظہار اعتماد اور حوصلہ افزائی کو سراہتے ہوئے کہا کہ سی ڈی اے شہریوں کو بہتر سہولیات کی فراہمی اور ان کے مسائل کے مؤثر حل کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کی سہولت اور شہر کی مجموعی ترقی کو مدنظر رکھتے ہوئے جدید انفراسٹرکچر کی فراہمی اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کا سلسلہ مزید تیز کیا جائے گا۔

بقیہ 12

لیے دعائیں کی گئیں۔ بعد ازاں روح پرور قوالی کی محفل سجائی گئی جس میں صوفیانہ کلام پیش کیا گیا اور حاضرین نے عقیدت ومحبت کے ساتھ شرکت کی۔ زائرین اور مریدین کے لیے وسیع لنگر کا بھی انتظام کیا گیا۔ عرس کے اختتام پر گدی نشین پیر سید اشجار حسین شاہ نے اختتامی دعا کروائی۔ اس موقع پر دربار عالیہ کی جانب سے عرس میں شرکت کرنے والے تمام مریدین، زائرین اور عقیدت مندوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے انہیں عرس مبارک کی مبارکباد پیش کی گئی، جبکہ شرکاء نے امن، محبت، بھائی چارے اور اخوت کے پیغام کو عام کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ 13

من کھمن تلف کردیا گیا۔ مزید کاروائی کرتے ہوئے ایک ڈیری یونٹس کو ملاوٹ کرنے پر بند اور اس کیخلاف مقدمہ درج کروادیا گیا۔ حکام کا کہنا ہے کہ ملاوٹ مافیا کے خلاف صوبہ بھر میں کاروائیاں جاری ہیں۔ کسی کو مضر صحت اشیاء کی پیداوار یا فروخت کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ ڈیری یونٹ کی سیلنگ کا عمل صوبے بھر میں جاری ہے۔ شہری کسی بھی شکایت کی صورت میں ہیلپ لائن 1223 پر رابطہ کریں۔

بقیہ 14

کتاب تقسیم ہوا "تھا۔ اس تقریب کی صدارت کالج کی پرنسپل ڈاکٹر سعدیہ عزیز نے کی۔ تقریب میں اسلام آباد ماڈل کالجز اور ایف جی (FG) اداروں سے کل 19 مقررین (طلبہ و طالبات) نے شرکت کی اور اپنے فکر انگیز و دلاویز خطابات سے حاضری کے دل موہ لیے۔ پروگرام میں اساتذہ کرام اور طلبہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی، جس سے آڈیٹوریم کا علمی وادبی ماحول مزید پرروقق ہو گیا۔ جیوری (منصفین) مقابلے کی شفافیت اور معیار کو برقرار رکھنے کے لیے نامور اکابرین و ماہرینِ تعلیم پر مشتمل جیوری تشکیل دی گئی تھی، جس میں درج ذیل منصفین شامل تھے ڈاکٹر شیر علی، ڈاکٹر شاہد محمود، میڈم فضیلت حسین منصفین نے مقررین کے تلفظ، لہجے، مواد کی جدت، بلاغت اور برمحل اشعار وحوالہ جات کے استعمال کا باریک بینی سے جائزہ لیا۔ مقابلے کے اہم نکات وتقاریر کا خلاصہ عنوان" سوہاوہ جب تحقیق کتاب تگیں ہوا "پر بات کرتے ہوئے تمام مقررین نے اس بات پر زور دیا کہ زندگی میں کامیابی، کمال اور رفعت بغیر محنت، صبر اور مصائب جھیلے حاصل نہیں ہوتی۔ جس طرح ایک عام پتھر تراش خراش، نخیتوں اور پیش کے ادوار سے گزر کر ایک قیمتی نگینہ بنتا ہے، بالکل اسی طرح

انسان بھی مشقت، آزمائشوں اور مسلسل جدوجہد کے بعد ہی وقار اور کامیابی کا مقام پاتا ہے۔ مقررین نے تاریخ عالم، اسوۂ حسنہ اور اقبال کے فلسفۂ خودی کے حوالے دے کر ثابت کیا کہ مشقت ہی انسانی شخصیت کو نکھار عطا کرتی ہے۔ تقریر کے نتائج :- پہلی پوزیشن آمنہ احمد انٹی ایم سی جی ایف سکس ٹو دوسری پوزیشن زینب عصمت انٹی ایم سی جی انٹی ٹین فور تیسری پوزیشن فیصل نوید انٹی ایم سی بی ایف سیون تھری چوتھی پوزیشن ماسٹر اسد شریف انٹی ایم سی بی جی ایلیون ون پرنسپل کا خطاب وتقسیم انعامات پروگرام کے اختتام پر محترمہ پرنسپل ڈاکٹر سعدیہ عزیز نے تمام شرکاء، بالخصوص دور دراز سے آئے ہوئے طلبہ اور ان کے رہنما اساتذہ کی کاوشوں کو سراہا۔ انہوں نے اپنے صدارتی خطبے میں کہا کہ اس نوعیت کے مقابلے طلبہ میں تنقیدی شعور، خود اعتمادی اور زبان وادب سے لگاؤ پیدا کرنے میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ بعد ازاں، جیوری کی حتمی درجہ بندی کے مطابق نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے مقررین میں اسناد اور ٹرافیاں تقسیم کی گئیں، جبکہ تمام منصفین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے انہیں پھولوں کے گلدستے پیش کیے گئے جیتنے والے تمام طلبہ وطالبات کا مہمانوں کے ساتھ گروپ فوٹو بنایا گیا تقریب کا اختتام قومی ترانے اور پرتکلف چائے پر ہوا۔

بقیہ 15

اسلام آباد علی وسیم کی زیر صدارت صدر زون اور انڈسٹریل زون کی تاجر برادری، سول سوسائٹی کے نمائندگان اور معززین علاقہ کے ساتھ اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا، ایس پی صدر زون کاظم نقوی، متعلقہ تھانوں کے ایس ایچ اوز اور دیگر پولیس افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں اسلام آباد میں امن وامان کی مجموعی صورتحال، شہریوں اور تاجر برادری کے تحفظ، سیکورٹی اقدامات، کاروباری مراکز میں محفوظ ماحول کے قیام اور پولیس وعوام کے درمیان رابطے کو مزید مؤثر بنانے کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر تاجر برادری، سول سوسائٹی کے نمائندگان اور معززین علاقہ نے اپنے مسائل، تجاویز اور سیکورٹی سے متعلق تحفظات سے پولیس افسران کو آگاہ کیا۔ ڈی آئی جی اسلام آباد اور ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد نے شرکاء کی تجاویز اور مسائل غور سے سنے اور متعلقہ افسران کو شہریوں اور تاجروں کے تحفظ، کاروباری سرگرمیوں کے لیے محفوظ ماحول یقینی بنانے اور مسائل کے بروقت حل کے لیے ضروری اقدامات کی ہدایت کی۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تاجر برادری اور سول سوسائٹی کے نمائندگان کے ساتھ مسلسل رابطہ رکھا جائے اور مقامی سطح پر درپیش مسائل کے حل کے لیے مؤثر حکمت عملی اختیار کی جائے۔ ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم نے کہا کہ تاجر برادری اور شہریوں کا تحفظ اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ پولیس اور عوام کے باہمی تعاون سے شہر میں امن وامان کو مزید بہتر بنانے اور کمیونٹی پولیسنگ کو مؤثر بنانے میں مدد مل سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں اور تاجروں کے جان ومال کے تحفظ کے ساتھ ساتھ کاروباری سرگرمیوں کے لیے محفوظ اور پُرامن ماحول فراہم کرنا پولیس کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ بعد ازاں ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم نے تھانہ شالیمار اور تھانہ رمنا کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے فرنٹ ڈیسک، ریکارڈ روم، حوالات سمیت مختلف شعبہ جات کا تفصیلی معائنہ کیا۔ انہوں نے تھانوں میں موجود سائلین سے ملاقات کی، ان کے مسائل سنے اور متعلقہ افسران کو شہریوں کی شکایات کا بروقت اور مؤثر ازالہ یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ ڈی آئی جی اسلام آباد نے زیرِ تفتیش مقدمات کی جلد از جلد یکسوئی، سابقہ ریکارڈ یافتہ، اشتہاری اور مطلوب مجرمان کی گرفتاری، پولیس ریکارڈ کی بروقت تکمیل اور تھانوں میں صفائی ستھرائی کے مناسب انتظامات یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی۔ انہوں نے پولیس افسران کو ہدایت کی کہ تھانوں میں آنے والے شہریوں اور سائلین کے ساتھ خوش اخلاقی، احترام اور شائستگی سے پیش آیا جائے اور ان کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر قانون کے مطابق حل کیا جائے۔ ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم نے واضح کیا کہ اختیارات سے تجاوز اور اختیارات کے ناجائز استعمال کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، جبکہ شہریوں کو بروقت اور مؤثر پولیس سروسز کی فراہمی میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی قابلِ قبول نہیں ہوگی۔

بقیہ 16

کی بروقت ترسیل یقینی بنانے کا پابند کیا جارہا ہے، ملک بھر کے ایئرپورٹس پر مسافروں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کے معیار کی مسلسل نگرانی جاری ہے، سروس اسٹینڈرڈز پر عملدرآمد نہ کرنے والی ایئرلائنز کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 17

تحفظ کیلئے پاکستان کی بھرپور حمایت جاری رکھے گا۔

بقیہ 18

کھنجیرہ قتل اور دوسرا نوجوان ملک ارسلان شدید زخمی ہوگیا جن کو ہسپتال منتقل کر کے پولیس شواہد اکٹھے کرتے ہوئے مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 19

ڈائریکٹر جنرل نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی، سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت NCCIA ہیڈکوارٹر میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سینئر افسران اور ایڈیشنل

چیئرمین سی ڈی اے کا کشمیر چوک کا دورہ

کشمیر چوک منصوبہ ٹریفک کی روانی کو بہتر بنانے اور شہریوں کو طویل مدتی ریلیف فراہم کرنے کے حوالے سے انتہائی اہمیت کا حامل ہے

مستقل انفراسٹرکچر کی تکمیل تک عارضی اور قلیل مدتی ٹریفک مینجمنٹ انتظامات کو مؤثر رکھا جائے، چیئرمین سی ڈی اے

اسلام آباد (این ای این) چیئرمین کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) نے کشمیر چوک کا دورہ کیا اور جاری ترقیاتی منصوبے پر تازہ ترین پیش رفت کا جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ دارالحکومت کے ایک اہم اور مصروف ٹریفک جنکشن پر ٹریفک کی روانی بہتر بنانے اور ٹریفک کے دباؤ اور رش کو کم کرنے کے لیے کیے جانے والے اقدامات کا بھی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران چیئرمین سی ڈی اے نے کشمیر چوک انڈر پاس منصوبے پر ہونے والی تازہ ترین پیش رفت کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈی جی انفراسٹرکچر نے چیئرمین سی ڈی اے کو (بقیہ نمبر 1 1)

چیئرمین کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) کشمیر چوک کا دورہ کر رہے ہیں

ریلوے میں گریڈ 19 کے دو افسران کے تبادلے

لاہور (این این آئی) ریلوے حکام نے گریڈ 19 کے دو افسران کو تبادلوں کے احکامات جاری کر دیے۔ ریلوے افسر نصیر احمد خان نیازی کو ڈپٹی چیف سیفٹی آفیسر ریلوے ہیڈکوارٹر لگا دیا گیا جبکہ صائمہ ارم کو ہیومن ریسورس پراجیکٹ ایم ایل ون تعینات کیا گیا ہے۔ دونوں افسروں کی تعیناتی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے۔

31 دسمبر تک ریلوے میں ہاؤس بلڈنگ ایڈوانس قرضوں کا اجرا معطل کر دیا، وزیر ریلوے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے کہا ہے کہ ریلوے میں کفایت شعاری کے اقدامات پر سختی سے عمل درآمد ہو گا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق انہوں نے کہا کہ 31 دسمبر تک ریلوے میں ہاس بلڈنگ ایڈوانس قرضوں کا اجرا معطل کر دیا۔ وزیر ریلوے کے مطابق افسر یا ملازم کو ہاس بلڈنگ ایڈوانس جاری نہیں ہوگا۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ وزیر ریلوے نے افسران و ملازمین کے بیرونِ ملک سرکاری دوروں پر بھی پابندی لگا دی ہے۔

مسافروں کو ناقص سہولیات کی فراہمی پر ایئر لائنز کیخلاف ایکشن سخت

8 ایئر لائنز کو مجموعی طور پر 16 لاکھ 20 ہزار روپے جرمانے عائد

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی نے ملکی ایئرپورٹس پر مسافروں کو ناقص سہولیات کی فراہمی پر متعدد ایئرلائنز پر بھاری جرمانے عائد کر دیئے۔ پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی نے سامان کی ترسیل میں تاخیر پر ایئرلائنز کے خلاف کارروائی کی ہے، یکم جولائی سے 15 اگست 2026 تک سامان کی ترسیل میں تاخیر کے 19 کیسز سامنے آئے۔ پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی کے مطابق سامان کی ترسیل میں تاخیر پر 8 ایئرلائنز کو مجموعی طور پر 16 لاکھ 20 ہزار روپے جرمانے عائد کیے گئے۔ پی اے اے کے مطابق ایئرلائنز کو سامان (بقیہ نمبر 1 6)

چینی وزیر خارجہ کا دہشتگرد حملے پر اسحاق ڈار سے اظہارِ ہمدردی

چین قومی سلامتی کے تحفظ کیلئے پاکستان کی بھرپور حمایت جاری رکھے گا، وانگ ای

اسلام آباد (این این آئی) چینی وزیر خارجہ وانگ ای نے پاکستان کے نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار کو صوبہ خیبر پختونخوا میں ایک پولیس کیمپ پر دہشت گرد حملے کے حوالے سے ہمدردی کا پیغام بھیجا۔ اپنے پیغام میں وانگ ای نے کہا کہ چین اس حملے کی شدید مذمت کرتا ہے، ہلاک ہونے والوں کے لواحقین کے ساتھ گہری تعزیت اور زخمیوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتا ہے۔ وانگ ای نے نشاندہی کی کہ چین ہر قسم کی دہشت گردی کی سختی سے مخالفت کرتا ہے اور ہمیشہ کی طرح دہشت گردی پر کاری ضرب لگانے اور قومی سلامتی اور استحکام کے (بقیہ نمبر 17)

اسلام آباد، ڈی جی این سی سی آئی اے سید علی ناصر رضوی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ڈی جی این سی سی آئی اے سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت اہم اجلاس

NCCIA کو جدید اور پیشہ ورانہ خطوط پر استوار کرنا اولین ترجیح ہے، تمام امور میں شفافیت، میرٹ اور پیشہ ورانہ مہارت کو یقینی بنایا جائے

شہریوں کی شکایات کا بروقت ازالہ اور سائبر کرائمز کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر سختی سے عملدرآمد کیا جائے گا، سید علی ناصر رضوی

اسلام آباد (این ای این) ڈی جی این سی سی آئی اے سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت اہم اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں تمام شعبوں کی کارکردگی، درپیش چیلنجز اور آئندہ کے لائحہ عمل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی جبکہ انتظامی، مالی اور قانونی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ علاوہ ازیں ادارے کی استعداد کار کو مزید بہتر بنانے کے لیے حکمت عملی پر تبادلہ خیال بھی کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق (بقیہ نمبر 1 9)

کراچی، گھر کے اندر فائرنگ سے مسجد کے پیش امام قتل

کراچی (این این آئی) سرجانی کے علاقے تیسر ٹاؤن، سیکٹر 36 ای میں واقع گھر کے اندر فائرنگ کر کے مقامی مسجد کے پیش امام کو قتل کر دیا گیا۔ پولیس واقعہ کی اطلاع ملتے ہی تحقیقات کے لیے جائے وقوعہ پر پہنچی۔ ریسکیو عملے نے مقتول پیش امام کی لاش ضابطے کی کارروائی کے لیے ہسپتال منتقل کر دی۔

پشاور، ماں نے مبینہ طور پر 13 سالہ بیٹی کو پھانسی دیدی

پشاور (این این آئی) پشاور میں ایک خاتون نے اپنی ہی کمسن بیٹی کو پھانسی دیدی۔ پولیس کے مطابق پشاور کے علاقے ٹان میں ایک ماں نے مبینہ طور پر اپنی ہی 13 سالہ بیٹی کو پھانسی دے کر قتل کر دیا۔ ایس پی کینٹ نے واقعہ سے متعلق بتایا کہ لڑکی کے قتل میں ملوث فی الحال کسی شخص کی گرفتاری عمل میں نہیں آئی، والدہ نے خود تھانہ ٹان میں آ کر بیٹی کو جان سے مارنے کا اعتراف کیا تو اسے گرفتار کیا۔ ایف آئی آر کے مطابق خاتون نے اپنے بیان میں کہا کہ اس نے بیٹی کی رضامندی سے اسے پھانسی دی۔ ایس پی کینٹ کے مطابق لڑکی کے (بقیہ نمبر 2 3)

افسران و جوانوں کی محنت اور لگن قابلِ ستائش ہے

ٹریفک پولیس افسران و جوانوں کو شاباش، تعریفی اسناد، نقد انعامات سے نوازا

اسلام آباد (این این آئی) ایس پی ٹریفک خان محمد حسانی نے فرائض منصبی بخوبی سرانجام دینے پر ٹریفک پولیس افسران و جوانوں کو شاباش دی، تعریفی اسناد اور نقد انعامات سے نوازا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کیپٹن (ریٹائرڈ) محمد سہیل چوہدری کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد ٹریفک پولیس وفاقی دارالحکومت میں ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے ساتھ ساتھ شہریوں کی بھرپور رہنمائی اور مدد کو یقینی بنا رہی (بقیہ نمبر 2 0)

مہلک حادثات میں ملوث 1800 ڈرائیورز کے لائسنس منسوخ

سنگین ٹریفک خلاف ورزیوں پر 414 ڈرائیورز کے لائسنس معطل

لاہور (این این آئی) ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب محمد وقاص نذیر کے احکامات پر حادثات میں ملوث اور سنگین ٹریفک خلاف ورزیوں کے مرتکب ڈرائیورز کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ ترجمان ٹریفک پولیس پنجاب کے مطابق رواں سال مہلک حادثات میں ملوث 1,800 ڈرائیورز کے ڈرائیونگ لائسنس منسوخ کیے جا چکے ہیں۔ صوبائی دارالحکومت لاہور میں بھی 150 سے زائد ڈرائیورز کے لائسنس منسوخ کیے گئے جبکہ سنگین (بقیہ نمبر 2 1)

وزیر اعظم کا حافظ نعیم الرحمٰن کو فون، مارچ ملتوی کرنے کی درخواست

ہم کسی قسم کا امن وامان کا مسئلہ یا حکومت سے تصادم نہیں چاہتے، حافظ نعیم الرحمٰن

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن کو فون کر کے مارچ ملتوی کرنے کی درخواست کر دی۔ ترجمان جماعت اسلامی کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف نے حافظ نعیم الرحمٰن کے ملتان پہنچنے پر ان سے ٹیلیفونک رابطہ کیا اور لانگ مارچ ملتوی کرنے کی درخواست کی۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے وزیر اعظم کو بتایا (بقیہ نمبر 22)

ضلع نوشکی میں پولیو ٹیم پر حملہ، دو پولیس اہلکار جاں بحق

حملہ آور فائرنگ کے بعد شہدا کا سرکاری اسلحہ بھی اپنے ساتھ لے کر فرار، پولیس نے آپریشن شروع کر دیا

پولیو ٹیم پر حملہ دراصل بلوچستان کے بچوں کے مستقبل پر حملہ ہے، فتنہ الہندوستان بلوچستان کے امن اور بچوں کے مستقبل کا کھلا دشمن ہے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (این این آئی) ضلع نوشکی کے علاقے کلی جمال آباد میں پولیو مہم کی ٹیم کی سکیورٹی پر مامور پولیس اہلکاروں پر نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں دو پولیس اہلکار محمد یاسر اور عبدالرؤف جاں بحق ہو گئے، حملہ آور فائرنگ کے بعد شہدا کا سرکاری اسلحہ بھی اپنے ساتھ لے کر فرار ہو گئے، واقعے کے بعد پولیس نے علاقے کو گھیرے میں لے کر ملزمان کی تلاش کے لیے آپریشن شروع کر دیا ہے۔ معاون برائے داخلہ بابر یوسفزئی نے اس دلخراش واقعے کی تصدیق کرتے ہوئے سخت الفاظ میں مذمت کی اور فتنہ الہندوستان کو (بقیہ نمبر 2 4)

راولپنڈی: باغ سرداراں میں ایک کاریگر موسیقی کے آلات کی دیکھ بھال اور مرمت کر رہا ہے

ایف بی آر کے ویئر ہاؤس سے 25 کروڑ روپے کے سگریٹ غائب

صوابی (این این آئی) صوابی میں ایف بی آر کے ویئر ہاؤس سے 25 کروڑ روپے کے سگریٹ غائب ہو گئے۔ خیبر پختونخوا کے ضلع صوابی میں ایف بی آر کے ویئر ہاؤس سے 25 کروڑ روپے کے سگریٹ غائب ہو گئے جس پر ایف آئی اے نے مقدمہ درج کر لیا۔ ایف آئی اے کی جانب سے درج ایف آئی آر میں ایف بی آر افسران اور سگریٹ کمپنی کے اہلکار کو نامزد کیا گیا ہے، ملزمان پر اختیارات کے ناجائز استعمال، غفلت اور ملی (بقیہ نمبر 2 5)

ملاوٹ ثابت ہونے پر 15 من کریم اور 13 من مکھن تلف

ڈی جی فوڈ اتھارٹی منصور احمد کی ہدایت پر خیابان سرسید میں کارروائی کے دوران دو ڈیری یونٹس کے سیمپل فیل ہو گئے

ملاوٹ پر ایک یونٹ کے خلاف مقدمہ درج کر کے 15 من کریم اور 13 من مکھن تلف کر دیا گیا، ڈی جی فوڈ اتھارٹی

راولپنڈی (این ای این) ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی منصور احمد کی ہدایات پر خیابان سرسید راولپنڈی میں موجود دو ڈیری یونٹس سے سیمپل لے کر لیب بھجوائے گئے جو بعد ازاں ملاوٹ پر فیل ہو گئے جبکہ 15 من ڈیری کریم اور 13 من مکھن تلف کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈی جی فوڈ اتھارٹی منصور احمد کی ہدایات پر راولپنڈی میں ملاوٹ مافیا کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ خیابان سرسید راولپنڈی میں موجود دو ڈیری یونٹس سے سیمپل لے کر لیب بھجوائے گئے جو بعد ازاں ملاوٹ پر فیل ہو گئے جبکہ 15 من ڈیری کریم اور 13 (بقیہ نمبر 1 3)

رتہ امرال، نالہ لئی کے کنارے خطرناک انداز میں پارک کیے گئے ٹرک، جو کسی بھی وقت حادثے کا سبب بن سکتے ہیں

راولپنڈی، 6 ملزمان گرفتار، شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 6 ملزمان گرفتار کر کے شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 6 ملزمان کو گرفتار کر کے 8 بوتل شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، ملزمان کے خلاف کارروائیاں تھانہ آرائے بازار، ٹیکسلا، واہ کینٹ، روات اور گوجر خان کے علاقوں میں کی گئیں۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے (بقیہ نمبر 2 3)

آن لائن جواء کھیلنے/کھلانے والا شخص گرفتار، موبائل فون برآمد

راولپنڈی (این این آئی) گوجر خان پولیس نے آن لائن جواء کھیلنے/کھلانے والا شخص گرفتار کر کے موبائل فون برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق گوجر خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے آن لائن جواء کھیلنے/کھلانے والے شخص کو گرفتار کر لیا، زیر حراست شخص سے موبائل فون برآمد ہوا، ملزم بیٹ پر وایپ پر جواء کھلاتا تھا، گوجر خان پولیس نے مقدمہ درج کر کے گرفتار کر لیا۔ ایس پی صدر انعم شیر نے کہا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان (بقیہ نمبر 3 4)

پنجاب میں فرسٹ ٹرم سکول بیسڈ اسیسمنٹ کیلئے نئی ہدایات جاری

فرسٹ ٹرم کے لئے جاری ہدایات پر من وعن عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا

لاہور (این این آئی) پنجاب میں فرسٹ ٹرم سکول بیسڈ اسیسمنٹ کے دوران کراس انوجیلیشن اور کراس مارکنگ لازم قرار دے دی گئی۔ پیکٹا نے فرسٹ ٹرم کے لئے سکولوں کو نئی ہدایات جاری کر دی ہیں۔ ہدایات کے مطابق اپنے مضمون کے پرچے میں متعلقہ مضمون کا استاد انوجیلیٹر نہیں ہوگا۔ پیکٹا نے سکولوں میں امتحانات کے دوران (بقیہ نمبر 3 3)

لاہور میں گھر سے خانسامہ کی گولی لگی لاش برآمد

پولیس پہنچی تو خانسامہ ندیم اوپری پورشن میں مردہ ملا، قتل یا خودکشی، تحقیقات جاری

لاہور (این این آئی) لاہور کے علاقے نواب ٹاؤن میں ایک نجی ہاؤسنگ اسکیم کے گھر سے خانسامہ کی گولی لگی لاش برآمد ہوئی ہے۔ پولیس کے مطابق گھر کے مالک نے ون فائیو پر کال کر کے اطلاع دی تھی کہ اس کا خانسامہ ندیم گھر سے چوری کر کے فرار ہو گیا ہے تاہم پولیس موقع پر پہنچی تو ندیم اوپر والے پورشن میں مردہ حالت میں پڑا تھا۔ پولیس کے مطابق ندیم مذکورہ نجی ہاؤسنگ اسکیم میں خانسامہ کے طور پر کام کرتا تھا۔ گھر کے مالک نے (بقیہ نمبر 3 5)

اسلام آباد ماڈل کالج ایف سیون فور میں بین الکالج اردو تقریری مقابلہ

وفاقی تعلیمی بورڈ کے زیر اہتمام "سو بار جب عقیق کٹا تب نگیں ہوا" کے عنوان سے منعقدہ مقابلے میں 19 طلبہ وطالبات نے شرکت کی

آمنہ احمد نے پہلی، زینب عصمت نے دوسری، فیصل نوید نے تیسری اور اسد شریف نے چوتھی پوزیشن حاصل کی، جن میں انعامات تقسیم کیے گئے

لاہور مینجنگ ڈائریکٹر بارٹی کلچر ایجنسی لاہور احمد عثمان جاوید، ڈیپارٹمنٹل پروموشن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسلام آباد (این ای این) وفاقی تعلیمی بورڈ کے تحت منعقدہ بین الکلیاتی تقریری مقابلے کی رپورٹ پیش خدمت ہے: بین الکلیاتی اردو تقریری مقابلہ عنوانِ تقریر: "سو بار جب عقیق کٹا تب نگیں ہوا" ہال/آڈیٹوریم، اسلام آباد ماڈل کالج برائے طالبات ایف سیون فور اسلام اباد صدارت: ڈاکٹر سعدیہ عزیز (پرنسپل) تقریب کا احوال وفاقی تعلیمی بورڈ (FBISE) کے زیر اہتمام بین الکالج اردو تقریری مقابلے کا پروقار انعقاد کیا گیا، جس کا عنوان "سو بار جب عقیق (بقیہ نمبر 1 4)

راولپنڈی، 5 منشیات سپلائر گرفتار، 7 کلو سے زائد چرس برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 5 منشیات سپلائر گرفتار کر کے 7 کلو سے زائد چرس برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق ائیرپورٹ پولیس نے منشیات سپلائر کو حراست میں لے کر 1 کلو 900 گرام چرس برآمد کی، رتہ امرال پولیس نے منشیات سپلائر کو حراست میں لے کر 1 کلو 760 گرام چرس برآمد کی، گوجر خان پولیس نے منشیات سپلائر کو (بقیہ نمبر 3 7)

ریلوے پولیس کی ٹکٹ چیکنگ سے متعلق نئی وضاحت جاری

لاہور (این این آئی) ریلوے پولیس نے ٹکٹ چیکنگ کے نظام کے تبدیلی سے متعلق وضاحت جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ ٹکٹ چیکنگ کے نظام میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی۔ ترجمان ریلوے پولیس کے مطابق ریلوے پولیس ٹکٹ لیس مسافروں کے خلاف ازخود یا یکطرفہ کارروائی نہیں کر رہی، بلکہ کمرشل برانچ، ٹکٹ چیکرز اور سٹیشن ماسٹرز کے ساتھ مل کر ٹکٹ چیکنگ کر رہی ہے۔ ترجمان کے مطابق بغیر ٹکٹ سفر کی روک تھام کیلئے ریلوے پولیس کی خصوصی ٹیمیں تشکیل دے دی گئی ہیں۔ ٹرینوں اور ریلوے سٹیشنز پر مشترکہ ٹکٹ چیکنگ اور (بقیہ نمبر 3 9)

امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن ملتان میں پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان و لیبیا کا تجارتی، تعلیمی، کاروباری روابط بڑھانے پر اتفاق

تمام فریق علاقائی استحکام کیلئے اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کی طرف واپس آئیں، اسحٰق ڈار

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار نے لیبیا کے قائم مقام وزیر خارجہ الطاہر الباعور سے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر ملاقات کی جس میں پاکستان اور لیبیا کے دوستانہ تعلقات مزید مضبوط بنانے اور تجارتی، تعلیمی و کاروباری (بقیہ نمبر 3 6)

پاکستان کسٹمز اسٹیشن مند پر مسلح افراد کا حملہ، کسٹمز سپاہی زخمی

مسلح افراد نے چار کمروں پر مشتمل دفتر کے دروازے کو توڑ دیا اور عمارت کو آگ لگا دی

کوئٹہ، (این این آئی) پاکستان کسٹمز اسٹیشن مند، ریہو بارڈر پر متعدد نامعلوم مسلح افراد نے حملہ کیا جس کے نتیجے میں کسٹمز سپاہی زخمی ہو گیا۔ مسلح افراد نے کسٹمز اسٹیشن میں زبردستی داخل ہو کر تقریباً چار کمروں پر مشتمل دفتر کے دروازے کو توڑ دیا اور عمارت کو آگ لگا دی، جبکہ مختلف سمتوں میں اندھا دھند فائرنگ بھی کی گئی۔ حملے کے دوران پاکستان کسٹمز کے سپاہی محمد سراج کے دائیں بازو پر گولیاں لگنے سے وہ زخمی ہو گئے۔ قریبی ایف سی 165 ونگ نے فوری طور پر کارروائی کرتے ہوئے موقع پر رسپانس کیا، جس کے بعد فائرنگ کا تبادلہ (بقیہ نمبر 3 8)

ڈی آئی جی اسلام آباد کی زیر صدارت معززین علاقہ کا اہم اجلاس

صدر اور انڈسٹریل زون کی تاجر برادری نے شہریوں اور کاروباری مراکز کے تحفظ سے متعلق مسائل اور تجاویز پیش کیں

ڈی آئی جی اسلام آباد کی تاجروں اور شہریوں کے تحفظ، محفوظ کاروباری ماحول اور کمیونٹی پولیسنگ کے فروغ کے لیے مؤثر اقدامات کی ہدایت جاری

اسلام آباد (این این آئی) ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم کی زیر صدارت تاجر برادری، سول سوسائٹی اور معززین علاقہ کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں صدر اور انڈسٹریل زون کی تاجر برادری نے شہریوں اور کاروباری مراکز کے تحفظ سے متعلق مسائل اور تجاویز پیش کیں جبکہ ڈی آئی جی اسلام آباد نے تاجروں اور شہریوں کے تحفظ، محفوظ کاروباری ماحول اور کمیونٹی پولیسنگ کے فروغ کے لیے مؤثر اقدامات کی ہدایت جاری کیں۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس (بقیہ نمبر 1 5)

ورچوئل اثاثہ صارفین کی تعداد 4 کروڑ سے تجاوز کر چکی ہے

پاکستان صرف ٹیکنالوجی کا صارف نہیں، اسے بنانے والا بھی بننا چاہتا ہے، بلال ثاقب

نیویارک (این این آئی) چیئرمین پاکستان ورچوئل ایسٹ ریگولیٹری اتھارٹی بلال بن ثاقب نے کہا ہے کہ پاکستان میں ورچوئل اثاثہ صارفین کی تعداد 4 کروڑ سے تجاوز کر چکی ہے۔ اقوام متحدہ کے سوشل بزنس، یوتھ اینڈ ٹیکنالوجی فورم سے خطاب کرتے ہوئے بلال بن ثاقب نے کہا کہ مصنوعی ذہانت اور ٹوکنائزیشن ترقی پذیر دنیا میں مالی شمولیت کے طاقتور ذرائع بن سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مالی شمولیت کے لیے صرف ٹیکنالوجی نہیں، موثر نظام اور قواعد بھی ضروری ہیں، دنیا میں 1.3 ارب نوجوان اب بھی مالیاتی نظام سے باہر ہیں جبکہ مالیاتی نظام سے باہر تقریباً 90 کروڑ افراد کے پاس موبائل فون موجود (بقیہ نمبر 4 0)

ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم تاجر برادری، سول سوسائٹی اور معززین علاقہ سے مل رہے ہیں

راولپنڈی ریڈ زون میں سکیورٹی ہائی الرٹ، پولیس فورس تعینات

اہم سرکاری عمارتوں اور تنصیبات کی سکیورٹی کیلئے بھی فول پروف اقدامات کیے گئے

راولپنڈی (این این آئی) ملکی حالات کے تناظر میں سکیورٹی یقینی بنانے کے پیش نظر ریڈ زون میں سکیورٹی سخت کر دی گئی۔ راولپنڈی ریڈ زون میں اہم سرکاری عمارتوں اور تنصیبات کی سکیورٹی کے لیے بھی فول پروف اقدامات کیے گئے۔ رپورٹ کے مطابق مال روڈ سے اولڈ ایئرپورٹ تک 8 مختلف مقامات پر خصوصی پولیس چیکنگ قائم کر دی گئیں، ایم ایچ چوک، ٹی (بقیہ نمبر 2 6)

سہیل آفریدی کی لاہور آمد پر دفعہ 144 کی خلاف ورزی

پی ٹی آئی کے 41 کارکنان کی گرفتاری کا فیصلہ، 32 گاڑیوں کی فہرست بھی تیار

لاہور (این این آئی) لاہور میں وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کی آمد پر دفعہ 144 کی خلاف ورزی میں ملوث ریلی و قافلے میں شریک 32 گاڑیوں اور 41 کارکنوں کی فہرست مرتب کر لی گئی۔ پولیس ذرائع کے مطابق کارکنوں کی 14 سے 16 ستمبر تک کی سرگرمیوں کا ریکارڈ شامل کر کے گرفتاری کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ فہرست میں شامل کارکنان دفعہ 144 کے نفاذ کے باوجود ریلی کی سہولت کاری اور کارنر میٹنگز کرتے رہے (بقیہ نمبر 2 7)

راولپنڈی: پنجاب بھر میں جاری 7 روزہ انسداد پولیو مہم کے دوران ہیلتھ ورکرز مریز حسن کی خانہ بدوش بستی میں بچوں کو قطرے پلا رہے ہیں

44 واں سالانہ عرس بابا پیر سید دیوان علی شاہ بادشاہ اختتام پذیر

چادر پوشی، خصوصی دعا اور روح پرور قوالی، عقیدت مندوں کی بڑی تعداد میں شرکت

ملک وقوم کی سلامتی، امن وخوشحالی اور امتِ مسلمہ کے لیے خصوصی دعائیں

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) دربار عالیہ بابا پیر سید دیوان علی شاہ بادشاہ کا 44 واں سالانہ عرس مبارک عقیدت و احترام کے ساتھ اختتام پذیر ہو گیا۔ عرس کی تقریبات میں سیاسی، سماجی و کاروباری شخصیات، مریدین اور زائرین سمیت بڑی تعداد میں عقیدت مندوں نے شرکت کی۔ عرس کی تقریبات دربار عالیہ کے گدی نشین پیر سید اشجار حسین شاہ کی نگرانی میں منعقد ہوئیں۔ اس موقع پر سابق چیئرمین سینیٹ و جنرل سیکریٹری پاکستان پیپلز پارٹی سید نیئر حسین بخاری سمیت مختلف مذہبی، سیاسی و سماجی شخصیات نے خصوصی شرکت کی۔ شام کے وقت ڈالیوں کی آمد کے بعد دربار عالیہ پر چادر پوشی کی گئی، جبکہ گدی نشین پیر سید اشجار حسین شاہ نے خصوصی دعا کروائی، جس میں ملک وقوم کی سلامتی، امن، خوشحالی اور امتِ مسلمہ کے (بقیہ نمبر 1 2)

بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کی حوصلہ افزائی

بہترین کارکردگی کا اعتراف افسران کی حوصلہ افزائی کا باعث بنتا ہے، آئی جی اسلام آباد

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد محمد سہیل چوہدری نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کی حوصلہ افزائی کی۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کیپٹن ریٹائرڈ محمد سہیل چوہدری نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے پولیس افسران کو سنٹرل پولیس آفس مدعو کیا اور ان کی پیشہ ورانہ خدمات، فرض شناسی اور بہترین کارکردگی کو سراہتے ہوئے تعریفی اسناد جاری کیں۔ اس موقع پر (بقیہ نمبر 2 8)

ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم تاجر برادری، سول سوسائٹی اور معززین علاقہ سے خطاب کر رہے ہیں

ٹرانسجینڈرز کے تحفظ اور سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جا رہا ہے

سی پی او راولپنڈی کی تھانہ صدر بیرونی، سول لائن میں کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل سنے

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او احسن مشتاق سکھیرا نے تھانہ صدر بیرونی، سول لائنز، ویمن اور چکلالہ میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سنے اور موقع پر احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او احسن مشتاق سکھیرا نے تھانہ صدر بیرونی، سول لائنز، ویمن اور چکلالہ میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سنے اور موقع پر احکامات جاری کیے، سی پی او نے ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کی شکایات کا بروقت ازالہ ہر صورت یقینی بنایا جائے، تھانے میں آنے والے شہریوں کے مسائل کا فوری و موثر حل (بقیہ نمبر 2 9)

سی پی او راولپنڈی مشتاق احمد سکھیرا کھلی کچہری میں شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں

ایس پی سکیورٹی اصغر علی گورائیہ کی کھلی کچہری

شہریوں کی شکایات سن کر حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری

راولپنڈی (این این آئی) ایس پی سکیورٹی اصغر علی گورائیہ نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں کی شکایات سن کر حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق ایس پی سکیورٹی اصغر علی گورائیہ کا پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد، ایس پی سکیورٹی نے شہریوں کی شکایات سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، ایس پی سکیورٹی اصغر علی گورائیہ نے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم کے اندر قانونی کارروائی کو یقینی بنایا جائے، شہریوں (بقیہ نمبر 3 0)

لاہور، غیر قانونی ایل پی جی ریفلنگ کیخلاف کارروائی

سول ڈیفنس ٹیم پر مبینہ حملہ، ریفلنگ پمپ ضبط کرنے پر دکاندار اور ساتھی مشتعل

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور کے علاقہ بند روڈ پر غیر قانونی ایل پی جی ری فلنگ کے خلاف کارروائی کے دوران دکاندار اور اس کے ساتھیوں نے سول ڈیفنس کی ٹیم پر مبینہ طور پر حملہ کر دیا۔ ذرائع کے مطابق سول ڈیفنس کی ٹیم سی ڈی او اشفاق احمد کی سربراہی میں ایل پی جی ری فلنگ کے خلاف کارروائی کر رہی تھی۔ مہر عبداللہ ایل پی جی پوائنٹ پر مبینہ طور پر غیر قانونی طور پر کھلا پٹرول اور ایل پی جی ری فلنگ کی جا رہی تھی۔ (بقیہ نمبر 3 1)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035